Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
ملتان اسلام آباد
بانی غلام مصطفی جتوئی
چیف ایڈیٹر ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 بدھ 06 نومبر 2024ء 03 جمادی الاول 1446ھ قیمت 15 روپے شمارہ 65

پاکستان اور ایران کا سرحدی امور سمیت دہشتگردی کے چیلنجز سے مل کر نمٹنے پر اتفاق

دہشت گردی کے ذریعے خودارادیت کو ختم نہیں کیا جا سکتا، مسئلہ کشمیر کو پرامن انداز میں حل کرنے کی ضرورت ہے، وزیر خارجہ اسحاق ڈار

پاکستان فلسطین اور لبنان کے مہاجرین کی انسانی بنیادوں پر مدد کررہا ہے، دہشتگردی دونوں ملکوں کیلئے مشترکہ چیلنج ہے، ایرانی وزیر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور ایران نے سرحدی امور سمیت دہشت گردی کے چیلنجز سے مل کر نمٹنے پر اتفاق کیا ہے۔ منگل کو ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر خارجہ اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ ایرانی وزیر خارجہ کو پاکستان میں خوش آمدید کہتے ہیں، غزہ میں اسرائیل کی جانب سے عالمی قوانین کی سنگین خلاف ورزیاں کی جا رہی ہیں، مشرق وسطیٰ میں اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی وزیر خارجہ سے خطے کی صورت حال کے حوالے سے گفتگو ہوئی ہے، ہماری بات چیت میں عالمی برادری سے غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اسرائیلی حملے ایران کی خودمختاری کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ دونوں وزرائے خارجہ کی ملاقات میں سرحدی (باقی صفحہ 1)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے ایرانی وزیر خارجہ ملاقات کر رہے ہیں

بجلی خرید وفروخت میں 1075 ارب سے زائد کے شارٹ فال کا انکشاف

رواں مالی سال بجلی صارفین سے ریبیسنگ سے 275 ارب روپے وصول کیے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بجلی کی خرید و فروخت میں 1075 ارب روپے سے زائد کے شارٹ فال کا انکشاف ہوا ہے۔ دستاویز کے مطابق رواں مالی سال بجلی صارفین سے ریبیسنگ سے 275 ارب روپے وصول کیے جائیں گے، گردشی قرض میں کمی کیلئے 228 ارب روپے کی ایڈیشنل سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے نقصانات نیپرا ٹارگٹ 11.4 فیصد کی نسبت (باقی صفحہ 2)

جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ قائم

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سپریم کورٹ میں آئینی بینچ کی تشکیل کیلئے جوڈیشل کمیشن کا پہلا اجلاس ہوا جس میں جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا

فیصلہ 7 اور 5 کے تناسب سے ہوا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس منصور، جسٹس منیب اختر، عمر ایوب اور شبلی فراز نے امین الدین خان کی سربراہی میں بینچ بنانے کی مخالفت کی جبکہ باقی ممبران نے حمایت میں ووٹ دیا

اسلام آباد (این این آئی) جوڈیشل کمیشن نے سپریم کورٹ کے جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ قائم کردیا۔ منگل کو چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سپریم کورٹ میں آئینی بینچ کی تشکیل کیلئے جوڈیشل کمیشن کا پہلا اجلاس ہوا جس میں جسٹس امین الدین خان کی (باقی صفحہ 61)

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مریم نواز کے دورہ لندن کا پلان تبدیل، آج جنیوا جائیں گی

لاہور،لندن (این این آئی) مریم نواز کے دورہ لندن کا پلان تبدیل ہوگیا، مریم نواز آج بدھ کو پاکستان سے براہ راست (باقی صفحہ 9)

غزہ، اسرائیلی فوج کی بربریت جاری، مزید 37 فلسطینی شہید

بیت لاحیہ میں ایک گھر پر حملے کے نتیجے میں کم از کم 20 فلسطینی شہید ہوگئے، رپورٹس

غزہ (این این آئی) غزہ میں جاری اسرائیلی فوج کی بربریت کے نتیجے میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں مزید 37 فلسطینی شہید ہوگئے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق بیت لاحیہ میں ایک گھر پر حملے کے نتیجے میں کم از کم 20 فلسطینی شہید ہوگئے، غزہ شہر کے فح محلے میں ایک گھر پر حملے میں 4 فلسطینی (باقی صفحہ 10)

سونامی کی تباہی سے نمٹنے کیلئے بین الاقوامی تجربات سے سیکھنا ہے، مریم نواز

حکومت پنجاب نے جامع کلائمیٹ پالیسی متعارف کرائی ہے جس میں قدرتی آفات میں انسانی جان و مال کا تحفظ بھی شامل ہے

پاکستان بھی کلائمیٹ چینج کے سنگین مسئلہ سے دو چار ہیں، قدرتی آفات سے نمٹنے کی تیاری کرنی ہوگی، وزیر اعلیٰ پنجاب کا بیان

لاہور (سیاسی رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سونامی سے آگاہی سے متعلق عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ سونامی جیسی قدرتی آفات، فطری عوامل ہیں اور موسمیاتی تبدیلی سے آفات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان بھی کلائمیٹ چینج کے سنگین مسئلہ سے دو چار ہیں، قدرتی (باقی صفحہ 3)

اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام، درخواست دہندگان کو پہلی قسط کی ادائیگی مکمل

پنجاب بھر کے مختلف شہریوں کو پروگرام کے تحت گھر بنانے کے لئے 60 کروڑ روپے مل گئے

لاہور (نیوز رپورٹر) اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت 850 سے زائد درخواست دہندگان کو پہلی قسط کی ادائیگی مکمل کر لی گئی۔ پنجاب بھر کے مختلف شہریوں کو اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت گھر بنانے کے لئے 60 کروڑ روپے مل گئے، 21 اگست سے 31 اگست تک درخواست (باقی صفحہ 4)

عمران خان کو جیل مینوئل کے مطابق سہولیات نہ ملنے پر توہین عدالت کی درخواست دائر

اسلام آباد (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی چیئرمین عمران خان نے جیل مینوئل کے مطابق سہولیات نہ ملنے پر اسلام آباد (باقی صفحہ 5)

حکومت کی وعدہ خلافی پر بلاول ناراض، احتجاجاً جوڈیشل کمیشن سے اپنا نام واپس لیا

حکومت نے جوڈیشل کمیٹی میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مساوی نمائندگی کے وعدے کو پورا نہیں کیا' چیئرمین پیپلز پارٹی

حکومت کیساتھ پی پی پی کے مستقبل کا فیصلہ اب پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کرے گی، وطن واپسی پر اجلاس بلائیں گے' ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری حکومت کی جانب سے جوڈیشل کمیٹی میں مساوی نمائندگی کے وعدے کو پورا نہ کرنے پر احتجاجاً گزشتہ ہفتے جوڈیشل کمیشن سے اپنا نام واپس لے لیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومت کی اہم اتحادی جماعت پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے مسلم لیگ (ن) کی جانب سے اہم معاملات پر وعدہ خلافی اور مشاورت سے راہ فرار اختیار کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے ناراضگی کا اظہار کردیا۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حکومت نے جوڈیشل کمیٹی میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مساوی نمائندگی کے وعدے کو پورا نہیں کیا۔ ذرائع نے دعویٰ کیا کہ بلاول بھٹو زرداری نے بطور احتجاج گزشتہ ہفتے جوڈیشل کمیشن سے اپنا نام واپس لیا۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت کیساتھ پی پی پی کے مستقبل کا فیصلہ اب پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کرے گی، (باقی صفحہ 8)

اسلام آباد، سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن سے اسد قیصر اور فیصل چوہدری ملاقات کر رہے ہیں

ڈنڈے کے زور پر قانون سازی کی گئی، بولنے نہیں دیا گیا، عمر ایوب

سروسز چیفس کی مدت ملازمت بڑھانے سے کتنے ہی افسران کا کیریئر ختم ہوگیا، بھارت میں سپریم کورٹ کے ججز کی تعداد 33 یہاں 34 ہوگئی۔

حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں، ملک میں فی الفور صاف' شفاف الیکشن ہونے چاہئیں' اپوزیشن لیڈر کا قومی اسمبلی کے اجلاس سے اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان نے کہا ہے کہ کل ڈنڈے کے زور پر قانون سازی کی گئی اور اپوزیشن کو بولنے نہیں دیا گیا، ان بلز کو قائمہ کمیٹی میں زیر بحث لایا جانا چاہیے تھا، سروسز چیفس کی مدت ملازمت بڑھانے سے کتنے ہی افسران کا کیریئر ختم ہوگیا ہے، بھارت میں سپریم کورٹ کے ججز کی تعداد 33 ہے یہاں 34 ہوگئی، حکومت نے اپنے لیے خود گڑھا کھودا، قانون سازی ان کے خلاف استعمال ہوگی، ملک ترقی نہیں کر رہا، 10 لاکھ لوگ پاکستان چھوڑ کر چلے گئے، حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں، ملک میں فی الفور صاف اور شفاف الیکشن ہونے چاہئیں۔ منگل کو ڈپٹی اسپیکر سید میر غلام مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت قومی اسمبلی کے اجلاس میں نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما و اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ کل ڈنڈا چلا ہوا تھا تو یہ ایوان بھرا ہوا تھا اور آج ڈنڈ (باقی صفحہ 6)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز سے کرغزستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

اللہ تعالی مجھے تباہ و برباد کرے اگر میں نے ایک روپیہ بھی لیا ہو، اورنگزیب کھچی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار اورنگزیب (باقی صفحہ 7)

سموگ کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر سموگ وار روم قائم

لاہور (این این آئی) محکمہ تحفظ ماحولیات پنجاب نے سموگ کی بگڑتی ہوئی (باقی صفحہ 13)

9 مئی جلاؤ گھیراؤ مقدمات، عمران خان کے وکیل کو دلائل کیلئے آخری موقع

سینئر وکیل روز اسلام آباد ہوتے ہیں، بہت ہوگیا، اب دلائل مکمل کریں، جج منظر علی گل کا برہمی کا اظہار

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کے جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ضمانت کی درخواستوں پر وکیل کو دلائل کیلئے آخری موقع دیتے ہوئے سماعت 8 نومبر تک ملتوی کر دی ۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت (باقی صفحہ 11)

جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس آج طلب

عدلیہ کی آزادی ختم کرنے کا قانون قومی اسمبلی کا کالا قانون ہے' لیاقت بلوچ

لاہور (نیوز رپورٹر) جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس آج (بدھ) کے روز طلب کرلیا گیا۔ اجلاس کی صدارت امیر جماعت حافظ نعیم الرحمٰن کریں گے۔ نائب امیر لیاقت (باقی صفحہ 12)

نیوزی لینڈ میں نامعلوم حملہ آور نے مسجد کو آگ لگادی

منگل کی علی الصبح حملہ کیا گیا، مسجد کو جزوی نقصان پہنچا تاہم ایمرجنسی سروسز نے آگ کو بجھا دیا

آکلینڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) نیوزی لینڈ کے شہر آکلینڈ میں نامعلوم انتہا پسند نے رات کے آخری پہر مسجد میں داخل کر آگ لگا دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مسجد پر منگل (باقی صفحہ 14)

TELECOM
CYBERSECURITY AWAR
5th November, 2024

اسلام آباد، وزیر مملکت آئی ٹی شیزہ فاطمہ تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

شہباز، حمزہ کیخلاف رمضان شوگر مل ریفرنس اینٹی کرپشن عدالت میں جمع

نیب عدالت کے فرد جرم کو ہم کیسے آگے چلا سکتے ہیں، جج اینٹی کرپشن کا وکیل سے استفسار

لاہور (نیوز رپورٹر) قومی احتساب بیورو نے وزیر اعظم شہباز شریف اور سابق وزیر اعلیٰ حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس اینٹی کرپشن عدالت میں جمع کرا دیا ۔ نیب ترمیم (باقی صفحہ 20)

ملک میں ایک اور پولیو کیس کی تصدیق، تعداد 46 ہوگئی

بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ سے تعلق رکھنے والے چند ماہ کے بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) ملک میں ایک اور پولیو وائرس کیس کی تصدیق ہوگئی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ سے تعلق رکھنے والے بچے میں (باقی صفحہ 21)

آئی پی پیز کو ٹیرف دینے میں ٹیکنالوجی اسٹڈی کی گئی نہ کوئی ٹیسٹ لینے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) آئی پی پیز کو ٹیرف دینے میں حکومتی سطح پر بڑی کوتاہیوں اور غفلت کا انکشاف ہوا ہے جس کے (باقی صفحہ 24)

قومی اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کردیا گیا۔ منگل کو قومی اسمبلی (باقی صفحہ 23)

اسرائیل کو ہتھیاروں کی فروخت اور منتقلی روکی جائے، اقوام متحدہ سے مطالبہ

اسرائیل بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزیاں کر رہا ہے' 50 سے زیادہ ممالک کا خط

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی میں 50 سے زیادہ ممالک اسرائیل کو ہتھیاروں کی فروخت اور منتقلی روکنے کے لیے فوری اقدامات کا مطالبہ (باقی صفحہ 25)

پنجاب حکومت نے 9 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

سیکشن آفیسر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن احمد شیر تبدیل، اسسٹنٹ کمشنر قصور تعینات

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے 9 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے ۔ سیکشن آفیسر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن احمد شیر کو (باقی صفحہ 26)

وفاقی کابینہ کا اجلاس، حج پالیسی 2025 کی منظوری، کوٹہ 179,210 ہوگا

12 سال سے کم عمر بچوں کو حج کے حوالے سے سفر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی' کوٹے کے حوالے سے کمپیوٹرائز ڈ بیلیٹنگ کی جائے گی

کابینہ نے وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان کی سفارش پر جموں و کشمیر اسٹیٹ پراپرٹی بجٹ مالی سال 25-2024 کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ کے اجلاس میں وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی سفارش پر حج پالیسی 2025 کی منظوری دے دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس منگل کو وزیر اعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ وفاقی کابینہ نے وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی سفارش پر حج پالیسی 2025 کی منظوری دے دی ۔ اجلاس میں وفاقی (باقی صفحہ 32)

رہنما پی ٹی آئی اعظم سواتی جیل سے رہا ہوتے ہی دوبارہ گرفتار

ضمانت ملنے پر انہیں اٹک جیل سے رہا کیا گیا تاہم ٹیکسلا پولیس نے رہا ہوتے ہی حراست میں لے لیا

ٹیکسلا (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اعظم سواتی کو جیل سے رہا ہوتے ہی دوبارہ حراست میں لے لیا گیا۔ گزشتہ روز اعظم سواتی کی مختلف مقدمات میں اسلام آباد کی عدالت نے ضمانت منظور کی تھیں۔ ذرائع نے بتایا کہ ضمانت ملنے پر انہیں اٹک جیل (باقی صفحہ 33)

بانی پی ٹی آئی کو خفیہ مقدموں میں گرفتار نہ کرنے کی درخواست نوٹسز جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کے خلاف درج (باقی صفحہ 31)

اٹک میں سونے سمیت تمام معدنیات کی بغیر اجازت کان کنی پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے معدنی ذخائر اور ماحول کے تحفظ کیلئے ضلع اٹک میں سونے سمیت تمام معدنیات کی بغیر (باقی صفحہ 30)

بذریعہ ڈرون بارڈر پار منشیات اسلحہ سمگلنگ کرنیوالا گینگ گرفتار

لاہور (این این آئی) مناواں میں ڈرون کے ذریعے بارڈر پار منشیات اور اسلحہ کی اسمگلنگ کرنے والے گینگ کو گرفتار کر لیا گیا۔ (باقی صفحہ 29)

وانا میں رات گئے گاڑی پر راکٹ سے حملہ، سی ٹی ڈی اہلکار سمیت 3 افراد جاں بحق

وانا (این این آئی) جنوبی وزیرستان کے علاقے وانا میں رات گئے باغیچہ اسٹاپ پر فیلڈر گاڑی پر نامعلوم افراد کے راکٹ حملے میں سی ٹی ڈی پولیس اہلکار سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ (باقی صفحہ 27)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب منیر اکرم ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان نے چین سے تقریباً 2.1 بلین ڈالر کے شمسی پینل درآمد کیے

زیادہ توانائی خرچ کرنے والے گھرانوں اور صنعتوں کو شمسی توانائی کی طرف راغب کیا جا رہا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے گزشتہ سال کے دوران چین سے تقریباً 2.1 بلین ڈالر کے شمسی پینل درآمد کیے، زیادہ توانائی خرچ کرنے والے گھرانوں اور صنعتوں کو شمسی توانائی کی طرف راغب کیا جا رہا ہے، یہ سستا ہے اور موثر ہے۔ گوادر پرو کی رپورٹ کے مطابق پاکستان (باقی صفحہ 28)

لاہور، سموگ کے پیش نظر خاتون ٹیچر اور طالبہ نے ماسک پہن رکھے ہیں

بھارت سے آنے والی آلودہ ہواؤں کی وجہ سے حکومتی اقدامات دھرے کے دھرے

لاہور دنیا کے سب سے زیادہ آلودہ شہروں میں سرفہرست، اگلے تین دن سکور 600 سے 700 تک پہنچ سکتا ہے' ماہرین

آلودگی کی روک تھام کیلئے ہر ممکن اقدامات، ضرورت پیش آئی تو مصنوعی بارش کا آپشن بھی استعمال کیا جائیگا' مریم اورنگزیب

لاہور (نیوز رپورٹر) بھارت سے آنے والی آلودہ ہواؤں کی وجہ سے حکومتی اقدامات دھرے کے دھرے ہیں، لاہور میں فضائی آلودگی کی صورتحال گزشتہ روز بھی انتہائی خراب رہی، امریکی ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق شہر کا آلودگی سکور 609 تک پہنچ چکا ہے جس سے لاہور دنیا کے سب سے زیادہ آلودہ شہروں میں سرفہرست آگیا ہے۔ موسمیاتی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ اگلے تین دن یعنی 6، 7 اور 8 نومبر کو یہ سکور 600 سے 700 تک (باقی صفحہ 15)

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے صوبہ بلوچستان کے عمائدین اور طلبہ کے وفد کی ملاقات

موجودہ حکومت ملک کی ترقی وخوشحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف انتہائی سرگرم عمل ہیں

یہی وجہ ہے کہ نہ صرف ملک میں مختلف اشیاء کی قیمتوں میں کمی دیکھنے میں آئی ہے بلکہ روزگار اور تجارت کو فروغ بھی دیکھنے میں آیا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان سے صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے مختلف عمائدین اور طلبہ کے وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے عوام کو ریلیف دینے کے لیے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف انتہائی سرگرم عمل ہیں یہی وجہ ہے کہ نہ صرف ملک میں مختلف اشیاء کی قیمتوں میں کمی دیکھنے میں آئی ہے بلکہ روزگار اور تجارت کو فروغ بھی دیکھنے میں آیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک کی بہتری کے لیے سیاسی جماعتوں کے ساتھ مل کر مؤثر قانون سازی عمل میں لائی جا رہی ہے ملک کی بہتری کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ موجودہ حکومت کا بھرپور ساتھ دیں۔ بہتر قانون سازی سے نہ صرف عوام کو انصاف کی فراہمی میسر ہوگی بلکہ ملک ترقی کی جانب گامزن بھی ہوجائے گا۔

خواجہ سراؤں پر جان لیوا تشدد جاری

مردان میں دو ٹرانس جینڈر افراد کو ان کے گھر میں داخل ہو کر قتل کر دیا گیا، رواں برس اب تک کے پی میں نو ٹرانس جینڈرز کو قتل کیا جا چکا ہے

صوبہ خیبر پختونخوا میں پولیس کا کہنا ہے کہ دو ٹرانس جینڈر افراد کو ان کے گھر میں گھس کر قتل کرنے کی ایک حالیہ واردات میں ملوث ہونے کے شبے میں دو افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ مقامی پولیس چیف فہیم خان نے کہا کہ یہ ہلاکتیں اتوار کی رات صوبہ خیبر پختونخوا کے شہر مردان میں ہوئی تھیں۔ مردان کے پی کے صوبائی دارالحکومت پشاور سے تقریباً 50 کلومیٹر (30 میل) مشرق میں واقع ہے۔ اس واقعے کو پاکستانی قدامت پسند معاشرے میں ٹرانس جینڈر افراد کے خلاف تشدد کی بڑھتی ہوئی لہر کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔ پولیس کے مطابق ان تازہ ہلاکتوں کے پس پردہ محرکات واضح نہیں ہیں اور افسران ابھی تک تفتیش کر رہے ہیں۔ مقتولین کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ہے۔ فہیم خان نے بتایا کہ دوہرے قتل کی اس واردات کے شبے میں دو افراد کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ لیکن انہوں نے اس حوالے سے مزید تفصیلات بتانے سے انکار کیا۔ خان نے اس بات کی تصدیق یا تردید کرنے سے بھی انکار کیا کہ آیا گرفتار کیے گئے افراد براہ راست اس حملے میں ملوث تھے۔

پاکستان میں ٹرانس جینڈر افراد کو اکثر ہراسانی، بدسلوکی اور حملوں کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ یہ افراد نام نہاد غیرت کے نام پر قتل کے متاثرین میں بھی شامل ہوتے ہیں، جنہیں رشتہ داروں کی طرف سے جنسی افعال میں ملوث ہونے کی سزا دینے کے لیے مار دیا جاتا ہے۔ تاہم پاکستان کی پارلیمنٹ نے 2018 میں ٹرانس جینڈر افراد کے بنیادی حقوق کو محفوظ بنانے کے لیے ٹرانس جینڈر افراد (حقوق کا تحفظ) نامی ایکٹ کو منظور کیا تھا، جس میں انہیں قانونی طور پر اپنی جنس کی شناخت کی اجازت بھی دی گئی تھی۔ لیکن ملک میں بہت سے لوگوں کے جنس اور جنسیت پر معتقدات بہت راسخ ہیں اور وہ ٹرانس جینڈر افراد کو جنسیت کی اپنی تعریف سے باہر رکھتے ہیں۔

ٹرانس جینڈر افراد میں سے کچھ پیسے کمانے کے لیے بھیک مانگنے، رقص کرنے اور یہاں تک کہ جسم فروشی پر مجبور ہیں۔ اس کے باوجود انہیں اپنی زندگیوں پر حملوں کا خوف بھی رہتا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ٹرانس ایکشن الائنس گروپ کی صدر فرزانہ جان نے کہا کہ جنوری سے اب تک صوبے میں کیے گئے جان لیوا حملوں میں مزید نو ٹرانس جینڈر افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے مقدمات میں ملوث کسی بھی حملہ آور کو انصاف کے کٹہرے میں نہیں لایا گیا۔ ان کے بقول اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ استغاثہ نے ان مقدمات کی سنجیدگی سے پیروی نہیں کی۔ ٹرانس جینڈرز نے حملہ آوروں کو گرفتار نہ کرنے کی صورت میں احتجاج کرنے کی دھمکی دی ہے۔ جان نے کہا، ”ہم نے پولیس کو مردان میں تازہ ترین ہلاکتوں کے ذمہ داروں کو گرفتار کرنے کے لیے تین دن کی مہلت دی ہے۔ اگر ہماری برادری کے دو افراد کے قاتلوں کو گرفتار نہ کیا گیا تو ہم ریلیاں نکالیں گے۔“ پاکستان میں ٹرانس جینڈر افراد کی تعداد کے بارے میں کوئی صحیح اعداد و شمار موجود نہیں ہیں لیکن جان نے اندازہ لگایا کہ ان میں سے تقریباً 75,000 خیبر پختونخوا میں رہتے ہیں۔



شادی ایپس کا رجحان، ’خالہ‘ کا کام خطرے میں

پاکستان جیسے قدامت پسند معاشرے میں آن لائن شادیوں کا بڑھتا ہوا رجحان اب روایتی طریقوں کو چیلنج کر رہا ہے

بہرہ مند

پاکستان میں شادیاں کرانے والے افراد یا روایتی میچ میکرز ایک قابل احترام کردار ادا کرتے ہیں لیکن اب آن لائن دستیاب شادی ایپس خواتین کو شوہر تلاش کرنے کے لیے ایک نیا راستہ فراہم کر رہی ہیں۔ لاہور میں ایک ٹیکنیکل ڈیزائنر عروہ فواز نے بتایا، ”جب میں نے اپنی دوست کو کسی ایسے شخص سے شادی کے بعد خوش دیکھا جس سے وہ آن لائن ملی تھی، میں نے بھی سوچا کہ ہم چار یا پانچ سال سے رشتہ آنٹیوں کو آزما رہے ہیں، آئیے اسے (آن لائن) بھی آزمائیں۔“ رشتہ آنٹیاں یا روایتی میچ میکرز خواتین کو بنا سنوار کر شادی کے امیدوار فرد کے خاندانوں کے سامنے پیش کرتی ہیں۔ یہ عمل ایک ایسے ملک میں روایت ہے، جہاں لڑکے لڑکیوں کا آزادانہ میل جول بے عزتی سمجھا جاتا ہے۔

’حلال ایپس‘

شادی ایپس کے مطابق پچھلے سال بڑے شہروں میں اشتہاری مہم کے ذریعے اب تک 1.2 ملین پاکستانی شادی ایپس کے لیے سائن اپ کر چکے ہیں اور 15,000 لوگ شادیاں بھی کر چکے ہیں۔ شادی کی ایپس خود کو ”حلال“ یا اسلامی طریقہ کار کے مطابق جائز قرار دیتی ہیں۔ رازداری کے لیے پروفائل تصویروں کو دھندلا کر دینے کا اختیار دیتی ہیں اور یہ واضح کرتی ہیں کہ ان کا مقصد کسی شادی کی پیشکش تک پہنچنا ہے۔ لیکن ان ایپس کو اس بدنامی سے بھی لڑنا پڑتا ہے، جو انہیں ٹینڈر جیسی ڈیٹنگ ایپس سے جوڑتی ہے، جس پر پاکستان میں غیر اخلاقی ہونے کی وجہ سے پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ عروہ کے شوہر وسیم کا کہنا ہے کہ میں لوگوں کو یہ نہیں بتاتا کہ میں اپنی بیوی سے کیسے ملا جب تک مجھے یقین نہ ہو کہ وہ شخص ہمیں اس معیار پر نہیں پرکھے گا۔

رشتہ آنٹیاں قابل بھروسہ

شادی کو پاکستان میں دو خاندانوں کے ملاپ کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جہاں بہت سے لوگ کثیر نسل گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایسے میں اپنے شوہر یا بیوی کا خود انتخاب کرنا بزرگوں کے تئیں مجموعی تعظیم کے لیے ایک چیلنج اور روایتی خاندانی ڈھانچے کے لیے خطرہ کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ لہٰذا رشتہ آنٹیوں پر قابل قبول خاندانوں سے رشتے تلاش کرنے کے حوالے سے بھروسہ کیا جاتا ہے۔

ادا فاطمہ کا کہنا ہے، ”مجھے ایک لڑکے کے گھر والوں کو یہ بتانے کو کہا گیا کہ میرا شوق پیدل سفر کرنا یا فوٹو گرافی کرنا نہیں، بلکہ کھانا پکانا اور صفائی کرنا ہے، اس سے مجھے غصہ آیا۔“ انہوں نے مزید کہا، ”ان میں یہ بات کرنے کی جرأت تھی کہ میں کیسی دکھتی ہوں، میں نے کیا کیا، میں نے کتنا کمایا، میرا خاندان کون ہے، میرے کتنے بھائی ہیں، میری مستقبل کی خواہشات کیا ہیں، اس لیے ہر چھوٹی سے چھوٹی چیز کا جائزہ لیا جاتا ہے۔“ فاطمہ کو اس کے والدین کی طرف سے مقرر کردہ رشتہ آنٹی کے ذریعے کئی ممکنہ میچز پیش کیے گئے، لیکن ان سے ایک لڑکے سے تعارفی ملاقات کے لیے تقریباً 700 ڈالر ادا کرنے کے لیے کہا گیا۔ بالآخر، فاطمہ نے اس عمل کو ترک کر دیا، اور وہ ان 18 فیصد پاکستانیوں کا حصہ بن گئیں، جنہوں نے اتفاقاً اپنے شوہر سے ملاقات کے بعد ”محبت کی شادی“ کی۔

روایتی میچ میکرز کے روزگار کو خطرہ؟

آبادی کے لحاظ سے پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی میں ایک میرج کنسلٹنسی کی مینیجنگ ڈائریکٹر مسکان علی نے کہا، ”لڑکا چاہے خود کیسا ہی کیوں نہ ہو، چاہے وہ گنجا ہو یا اس کی توند نکلی ہو، لیکن ایک ایسی بیوی چاہتا ہے جو کسی ماڈل جیسی ہو۔“ رشتہ آنٹیوں کو ابھی تک اپنا کام ختم ہونے کا خطرہ محسوس نہیں ہوتا۔ ان کے دفاتر والدین اور ان کے بچوں کے کیریئرز پر پروفائلز تیار کرنے میں مصروف ہیں۔ کچھ میچ میکرز اپنے کاروبار کو ویب سائٹس اور واٹس ایپ گروپس کے ذریعے ڈیجیٹائز کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کنسلٹنٹس نوجوان خواتین کو اپنے مستقبل کے سسرال والوں کی خواہشات کے مطابق چلنے، بات کرنے اور لباس پہننے کا طریقہ بھی سکھاتے ہیں۔ راولپنڈی میں رشتہ آنٹیوں کی کمیونٹی کی سربراہ فوزیہ اعظم جیسے بہت سے روایتی میچ میکرز شادی کی ایپس کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔

مرضی کا بندہ پاکستان میں نہیں مل سکتا

ایسی خواتین کو کہا جاتا ہے کہ وہ شادی کے خواب دیکھنا چھوڑ دیں۔ انہیں ان کی مرضی کا بندہ پاکستان میں نہیں مل سکتا۔ اگر انہوں نے شادی کرنی ہے تو اپنا

اپنی پھوپھو، خالہ یا چچا کی بیٹی سے شادی کرنے اور دو بچے پیدا کرنے کے بعد ان کے پیچھے رال ٹپکاتے آنے لگتے ہیں۔ ایسی خواتین اور مایوس ہو کر اپنے سے جڑی ہر چیز کو شک کی نظروں سے دیکھنے لگتی ہیں۔ اگر ان کا تعلق کسی امیر گھر سے ہوتا یا ان کا گھر کسی پوش علاقے میں ہوتا یا انہوں نے بیس سال کی عمر میں امی کے لائے ہوئے رشتے کا انکار نہ کیا ہوتا تو وہ ان مردوں کی چکنی راتیں نہ دیکھ رہی ہوتیں۔ اسی سوچ کے ساتھ وہ پھر سے رشتے والوں کے سامنے پلیٹیں سجانے لگتی ہیں۔ رشتہ دیکھنے کے اس روایتی طریقے

خواتین اپنے لیے اچھا رشتہ کہاں سے ڈھونڈیں

کچھ دانشوروں کے مطابق خواتین کو اپنا معیار کم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہیں ہر رشتے میں مین میخ نکالنے سے گریز کرنا چاہیے اور بس آدمی کی شرافت دیکھ کر اس سے شادی کر لینی چاہیے۔ لیکن شرافت سے گھر چلتا ہے نہ زندگی۔ اور مردوں کی شرافت کا حال خواتین سے پوچھیں۔ مردوں کا شریف عورت کا خبیث ہوتا ہے۔ آج کی عورت پڑھی لکھی، باشعور اور ہنر مند ہے۔ وہ ایسے ہی کسی بھی آدمی کا ساتھ قبول نہیں کر سکتی۔ اسے ایسا آدمی چاہیے، جو اس سے مطابقت رکھتا ہو، اسے تبدیل کرنے کی کوشش نہ کرے اور اس کے ساتھ پر فخر محسوس کرے۔ لیکن وہ ایسا بندہ کہاں ڈھونڈے۔ روایتی طریقوں سے آنے والے رشتوں کو کم عمر، سلیقہ شعار اور دبلی پتلی لڑکی درکار ہوتی ہے۔ لڑکی ڈاکٹر، انجینئر یا کسی اور پروفیشنل ڈگری کی حامل ہو اور کسی معروف یونیورسٹی سے اس نے ڈگری کر رکھی ہو تو کیا ہی بات ہے۔ اگر نہیں تو امریکہ یا برطانیہ کی شہریت ہی رکھتی ہو۔ پوش علاقے میں رہائش ہو، گھر میں دو چار گاڑیاں اور پیسے کی ریل پیل ہو۔ ہر عورت کے پاس یہ چیزیں نہیں ہوتیں۔ پھر جو عورت اعلیٰ تعلیم حاصل کرلے یا کیریئر بنا لے، اسے ہمارے معاشرے کا ایک بڑا طبقہ شادی کے لیے غیر موزوں سمجھنے لگتا ہے۔

معیار کم کریں یا ملک سے باہر اپنے لیے رشتہ دیکھیں۔ ان کے دوست احباب بھی ان کا ہر قدم پر ساتھ دینے کے باوجود اس مرحلے پر غائب ہو جاتے ہیں۔ البتہ، میں سو سال ہیں لیکن پاکستان میں ایک اچھے رشتے کے امکان اسی طریقے سے ممکن ہیں۔

’خالہ‘ کو بھی خدا حافظ کہہ دیا جائے تو رشتہ کیسے ہو گا؟

اگر ہم پر ہمارے خاندان، برادری یا احباب کا دباؤ نہ ہو تو کیا ہم کسی سے مہذب طریقے سے بات کریں گے؟ ہم اتنی مہذب قوم ہوتے تو آج ہمارا اسلام مریخ کے کسی غیر دریافت شدہ حصے پر پہنچا ہوتا۔ ہم خواتین کی شادی میں آنے والی رکاوٹوں پر بحث نہ کر رہے ہوتے۔ ہمارے ہاں خواتین اور مردوں کا معاشرے میں میل جول نہ ہونے کے برابر ہے۔ ایک ساتھ پڑھنے اور کام کرنے کے باوجود وہ ایک دوسرے کے بارے میں زیادہ کچھ نہیں جانتے۔ کوئی کسی سے بات کرنے کی کوشش کرے تو اگلا انسان خوف زدہ ہو جاتا ہے۔ ایسے حالات میں رشتہ آنٹی کو بھی دور سے ہی خدا حافظ کہہ دیا جائے تو رشتہ کیسے ہو گا۔

’محبت کا ملاپ‘

لیکن گزشتہ کچھ سالوں میں پاکستان میں مسلمان جوڑوں کے لیے شادی کی ایپس سامنے آئی ہیں، جو ”محبت کے ملاپ“ کا وعدہ کرتی ہیں۔ چند ایک ایپس ایک سرپرست کا اختیار بھی پیش کرتی ہیں، جو کسی منتخب رشتہ دار کو بھیجے اور موصول ہونے والے پیغامات کی ہفتہ وار اطلاع فراہم کرتا ہے۔ عروہ کے لیے شادی کے سلسلے میں آن لائن انتخاب ایک کامیابی رہی۔ ایپ پر وسیم اختر سے ملنے کے صرف تین ماہ بعد ان کی شادی ہو گئی۔ گیلپ اور گیلانی پاکستان کے ایک سروے کے مطابق 80 فیصد سے زائد پاکستانیوں نے ایسی شادیاں کر رکھی ہیں، جہاں ان کے خاندانوں نے ان کے ملن کا فیصلہ کیا۔ اس سروے کے مطابق بعض اوقات دولہا اور دلہن کی ملاقات کے بغیر بھی منگنیاں طے پا جاتی ہیں۔

لڑکیوں کے والدین ایک موزوں خاندان کی تلاش میں مدد کے لیے پیشہ ور رشتہ آنٹیوں کی مدد لیتے ہیں۔ اس سارے عمل کا پہلا تاثر اکثر اس بات پر ہوتا ہے کہ شادی کی امیدوار لڑکی اپنے ممکنہ سسرال والوں کے لیے چائے ڈالتے وقت کیسی دکھتی ہے۔

’آن لائن ایپس وقت کا ضیاع‘

انہوں نے کہا کہ لوگ ان ایپس پر وقت ضائع کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا، ”رات بھر گپ شپ کرنا، مجھے یہ پسند نہیں ہے۔“ ایک مصنفہ عائشہ سروری کے لیے میچ میکنگ کا عمل بہوؤں پر ”کنٹرول“ حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا، ”میں کہوں گی کہ ہمیں ایک اچھا درمیانی راستہ تلاش کرنے کی ضرورت ہے، جہاں دونوں طرف برابر احترام ہو اور کسی انسان کو صرف اس وجہ سے نیچا دکھانے کا کوئی احساس نہ ہو کہ وہ کسی خاص طریقے سے نظر آتا ہے یا وہ کسی خاص نسل سے ہے۔“ ایلہ (فرضی نام) ایک ڈیجیٹل میڈیا آرٹسٹ ہیں، جنہوں نے اپنی پوری کوشش کی کہ وہ ایک میچ میکر کے زیر اثر ہونے سے بچ سکیں اور شادی کی ایک ایپ کا رخ کیا، لیکن انہیں وہاں نئے خدشات کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے اسلام آباد کے ایک کیفے میں اپنے پروفائل کو سوائپ کرتے ہوئے کہا، ”ایک ایپ پر رہنا مشکل ہے، مرد جھوٹ بولتے ہیں۔“ تاہم بعد میں انہوں نے اپنے پروفائل پر جعلی نام اور تصاویر استعمال کرنے کا اعتراف کیا تاکہ مرد انہیں پہچان نہ سکیں۔ ان کا کہنا تھا، ”اب ایک ہی آپشن رہ گیا ہے کہ طے شدہ شادی کی جائے۔“

ہانگ کانگ سپر سکسز میں گرین شرٹس کو فائنل میں شکست

ہانگ کانگ ورلڈ سپر سکسز ٹورنامنٹ کے فائنل میں سری لنکا نے پاکستان کو شکست دیکر دوسری بار ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ مونگ کوک میں کھیلے گئے ایونٹ کے فائنل میں سری لنکا نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا، ابتدائی اوور میں ہی گرین شرٹس کے 2 کھلاڑی جلد پویلین لوٹ گئے۔ پاکستان کی جانب سے محمد اخلاق کے علاوہ کوئی بیٹر مخالف بالرز کا مقابلہ نہ کر سکا، انہوں نے 48 رنز کی اننگز کھیلی، دیگر بیٹرز میں کپتان فہیم اشرف 13، عامر یامین 6، آصف علی صفر جبکہ حسین طلعت ایک رن کے مہمان ثابت ہوئے۔ گرین شرٹس کی پوری ٹیم مقررہ 6 اوورز میں 72 رنز بنا کر آؤٹ ہوئی۔ سری لنکا کی جانب سے دھننجایا لکشن اور تھرندو رتھنائیکے نے 2، 2 وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کے تعاقب میں سری لنکا کی جانب سے محتاط آغاز کیا گیا تاہم ایک اوور قبل 3 وکٹوں کے نقصان پر 73 رنز کا ہدف حاصل کر لیا۔ سری لنکا کی جانب سے سندون ویراکوڈی 34، دھننجایا لکشن 2، کپتان لہیرو مدوشانکا 19 رنز بنا کر نمایاں رہے جبکہ پاکستان کی جانب سے فہیم اشرف نے 2 وکٹیں حاصل کیں۔

نسیم شاہ کی دھواں دار بلے بازی، 4 چھکے لگائے

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان پہلے ون ڈے میچ میں جہاں ایک طرف اوپنرز اور مڈل آرڈر بلے باز ناکام رہے وہیں فاسٹ بولرز نسیم شاہ اور شاہین آفریدی نے شاندار بلے بازی کے جوہر دکھائے۔ کپتان محمد رضوان 44 رنز بنا کر ٹاپ سکورر رہے تاہم اس کے لئے انہوں نے 71 گیندیں کھیلیں اور صرف ایک چھکا لگا سکے۔ دوسری جانب شاہین آفریدی نے 19 گیندوں پر 1 چھکے کی مدد سے 24 رنز بنائے جبکہ نسیم شاہ نے 39 گیندوں پر 40 رنز کی زبردست اننگ کھیلی جس میں 4 شاندار چھکے شامل تھے۔

گرین شرٹس پہلے معرکے میں ناکام، آسٹریلیا نے 2 وکٹوں سے پہلا ون ڈے جیت لیا

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان کھیلا جانے والا پہلا ون ڈے میچ میزبان آسٹریلیا کے نام رہا، آسٹریلیا نے سخت مقابلے کے بعد 2 وکٹوں سے کامیابی حاصل کر لی۔ آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ پاکستان نے پہلے بیٹنگ کی اور پوری ٹیم 46.4 اوورز میں 203 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی۔ محمد رضوان نے 44 رنز بنائے۔ نسیم شاہ 40، بابر اعظم 37، شاہین آفریدی 24 اور عرفان خان 22 رنز کا اضافہ کر سکے۔ پاکستانی بلے باز کسی بھی وکٹ پر لمبی شراکت بنانے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ محمد رضوان اور بابر اعظم کے درمیان تیسری وکٹ پر 39، رضوان اور سلمان آغا کے درمیان پانچویں وکٹ پر 31 جبکہ شاہین آفریدی اور عرفان خان کے درمیان ساتویں وکٹ پر 31 رنز کی پارٹنرشپ بن سکی۔ آسٹریلیا کی جانب سے مچل سٹارک نے 3، پیٹ کمنز اور ایڈم زمپا نے 2،2 جبکہ سین ایبٹ اور مارنس لبوشانے نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ جواب میں آسٹریلیا نے مطلوبہ ہدف 33.3 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر پورا کر لیا۔ حارث رؤف نے 3، شاہین آفریدی نے 2 جبکہ محمد حسنین اور نسیم شاہ نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ آسٹریلیا کو تین میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہو گئی ہے۔

ہارس اینڈ کیٹل شو 8 نومبر کو پشاور میں ہو گا، ڈی جی سپورٹس عبدالناصر

ڈائریکٹریٹ جنرل آف سپورٹس خیبر پختونخوا کے زیر اہتمام تاریخ میں پہلی مرتبہ ہارس اینڈ کیٹل شو 8 نومبر کو شیر خان سٹیڈیم پشاور میں منعقد ہو گا جس میں ثقافتی کھیلوں کے علاوہ فیملیز کیلئے میوزیکل شو، اردو پشتو اور سرائیکی مشاعرہ سمیت دیگر پروگرامز شامل ہیں۔ تین روزہ سپورٹس اینڈ کلچر فیسٹیول کا باضابطہ افتتاح وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کرینگے۔ ڈائریکٹر جنرل سپورٹس عبدالناصر کا کہنا تھا کہ مشیر کھیل سید فخر جہاں کی ہدایت پر صوبے میں روایتی کھیلوں کو زندہ رکھنے کیلئے 8 سے 10 نومبر تک منعقدہ ہارس اینڈ کیٹل شو میں صوبے کے مختلف اضلاع میں کھیلے جانے والی روایتی کھیلوں کے مقابلے بھی ہوں گے۔ جن میں نیزہ بازی، مخہ، کرکا، دوداس، کبڈی، دنگل، کوڈا، کھلا سمیت پتھر اٹھانے کے مقابلے بھی منعقد کروائے جائیں گے۔ اس کے علاوہ رہٹ ریس سمیت اونٹ ڈانس، ریس، شکاری کتوں کی دوڑ اور ہارس ریس بھی کروائی جائے گی۔ اسی طرح ہارس ڈانس اور زیادہ دودھ دینے والے جانوروں کے مقابلے ہوں گے ثقافتی کھیلوں کیلئے پہلی مرتبہ کیش پرائز ایک کروڑ روپے رکھے گئے ہیں جو مختلف ایونٹس میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے افراد کو دیئے جائیں گے۔

پشاور بیڈمنٹن کپ کا آغاز ہو گیا

ریجنل سپورٹس آفس پشاور اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے بیڈمنٹن کپ کا آغاز قیوم سپورٹس کمپلیکس پشاور میں ہو گیا۔ قومی بیڈمنٹن چیمپئن مراد علی نے افتتاح کیا۔ ریجنل سپورٹس افسر کاشف فرحان، سیکرٹری بیڈمنٹن ایسوسی ایشن امجد خان، ڈائریکٹوریٹ سپورٹس کے کوچ ندیم خان، حیات خان اور بشریٰ خان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ کاشف فرحان نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں خواتین کی 8 اور مردوں کی 12 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ ٹورنامنٹ میں کھلاڑیوں کو آنے والی قائد اعظم گیمز کی تیاریوں کا موقع دیا جا رہا ہے۔ جیتنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافی اور 50 ہزار روپے تقسیم کیے جائیں گے۔

ایگا سواتیک کی دوبارہ عالمی نمبر ایک رینکنگ حاصل کرنے کی طرف پیش قدمی

ایگا سواتیک نے ڈبلیو ٹی اے فائنلز کے گروپ مرحلے میں باربورا کریجیکووا کو ہرا کر ایک بار پھر دوبارہ عالمی نمبر ایک رینکنگ حاصل کرنے کے لیے پیش قدمی کا آغاز کر دیا ہے۔ پولینڈ کی سواتیک نے ومبلڈن چیمپئن کو ایک سیٹ اور ڈبل بریک سے پیچھے چھوڑ کر 7-5 4-6 6-2 سے کامیابی حاصل کی۔ ستمبر میں یو ایس اوپن کے کوارٹر فائنل سے باہر ہونے کے بعد اور نئے کوچ وم فسیٹ کے تحت پہلا میچ تھا۔ ایگا سواتیک اور آرینا سبالینکا کے درمیان سال کی ٹاپ رینک کھلاڑی کے لئے دوڑ جاری ہے۔ دفاعی چیمپئن سواتیک کو سبالینکا کی جگہ لینے کے لیے ٹائٹل جیتنے کی ضرورت ہوگی، جبکہ بیلاروسی کو تینوں راؤنڈ رابن میچ یا سیمی فائنل میں پہنچنے کے لیے جیتنا ہوگا۔

افغانستان بمقابلہ بنگلادیش، ون ڈے سیریز کل سے شروع ہو گی

افغانستان اور بنگلا دیش کی ٹیمیں متحدہ عرب امارات پہنچ گئی ہیں جہاں دونوں ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلی جائے گی۔ تینوں ون ڈے میچز شارجہ میں کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ کل 6 نومبر کو کھیلا جائے گا۔ دوسرا میچ 9 اور تیسرا میچ 11 نومبر کو کھیلا جائے گا۔ افغانستان کی ٹیم کی قیادت حشمت اللہ شاہدی کر رہے ہیں جبکہ سکواڈ کے دیگر کھلاڑیوں میں محمد نبی اور راشد خان سمیت عبدالمالک، درویش رسولی، اکرام علی خیل، رحمان اللہ گرباز، ریاض حسن، صدیق اللہ اتل، رحمت شاہ، عظمت اللہ عمرزئی، گلبدین نائب، نانگیالی خروٹے، بلال سمیع، فرید احمد، فضل حق فاروقی، اے ایم غضنفر، نوید زدران اور نور احمد شامل ہیں۔

صائم ایوب ٹیسٹ کے بعد ون ڈے میں بھی فیل

قومی کرکٹ ٹیم کے نوجوان اوپنر صائم ایوب ٹیسٹ کے بعد ون ڈے فارمیٹ میں بھی اپنی موجودگی کو درست ثابت نہ کر سکے نوجوان بلے باز آسٹریلیا کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں پانچ گیندوں پر محض 1 رن بنا کر پویلین لوٹ گئے، صائم ایوب اس سے پہلے بنگلہ دیش کے خلاف 2 اور انگلینڈ کے خلاف 3 ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں بھی سکواڈ کا حصہ تھا تاہم ان پانچ میچوں میں بھی وہ کوئی متاثر کن کارکردگی دکھانے میں کامیاب نہ ہو سکے، انہوں نے پانچ ٹیسٹ میچوں کی 10 اننگز میں اوپننگ بلے باز کی حیثیت سے محض 290 رنز بنائے ہیں۔ اسی طرح ٹی 20 میں بھی ان کی گزشتہ دس اننگز میں مجموعی سکور صرف 105 ہے جس میں ایک بھی نصف سنچری شامل نہیں جبکہ وہ 2 مرتبہ صفر اور پانچ مرتبہ 10 سے کم رنز پر پویلین لوٹے۔ اس کے باوجود انہیں فخر زمان جیسے مستند اور تجربہ کار بلے باز پر ترجیح دے کر ٹیم میں شامل کیا گیا تاہم وہ آسٹریلیا جیسی مضبوط ٹیم کے خلاف پہلے ہی میچ میں ناکام ہو گئے۔

قومی سوئمنگ چیمپئن شپ پاکستان آرمی نے جیت لی

لاہور میں جاری قومی سوئمنگ چیمپئن شپ کا میلہ اختتام پذیر ہو گیا۔ لاہور کے انٹرنیشنل سوئمنگ پول میں تین روزہ چیمپئن شپ میں پاکستان آرمی نے مردوں میں 14 اور خواتین میں نو گولڈ میڈل جیت کر چیمپئن کا تاج اپنے سر پر سجایا۔ مردوں میں پاکستان آرمی کے ریان درین اعوان نے 100 میٹر بریسٹ اسٹروک میں نیا قومی ریکارڈ بھی قائم کیا جبکہ آرمی ہی کے محمد احمد درانی پانچ گولڈ میڈلز حاصل کر کے چیمپئن شپ کے بہترین سوئمر قرار پائے۔ مردوں میں مجموعی طور پر پاکستان آرمی نے پہلی، سندھ نے دوسری، پنجاب نے تیسری جبکہ واپڈا نے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ خواتین میں بھی آرمی نے پہلی، سندھ نے دوسری، واپڈا نے تیسری جبکہ پنجاب نے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ پاکستان آرمی کی جہاں آرا نبی پانچ گولڈ میڈل کے ساتھ چیمپئن شپ کی بہترین سوئمر قرار پائیں۔

ساؤ پولو گراں پری میکس ورسٹاپن کی ناقابل یقین فتح

فارمولا ون اسٹار میکس ورسٹاپن نے ساؤ پولو گراں پری میں ناقابل یقین فتح اپنے نام کر لی، 17 ویں پوزیشن سے کم بیک کرتے ہوئے انہوں نے [illegible] 62 [illegible] 86 [illegible] 23 نومبر [illegible] 60 پوائنٹس [illegible]

بقیہ بقیہ جات 1

امور اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے پر اتفاق کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ذریعے خودارادیت کو ختم نہیں کیا جاسکتا، مسئلہ کشمیر کو پرامن انداز میں حل کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور ایران مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کے خاتمے سمیت مذاکرات کی ضرورت پر زور دیتے ہیں، اسرائیلی کارروائیاں عالمی وانسانی حقوق کی بھی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ مشترکہ نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ دہشت گردی پاکستان اور ایران دونوں ملکوں کیلئے مشترکہ چیلنج ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا پاکستان کا مسئلہ فلسطین پر واضح اور دوٹوک موقف ہے، اقوام عالم فلسطین میں جاری نسل کشی رکوانے میں ناکام رہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں اسرائیلی جارحیت رکوانے کیلئے اجتماعی کاوشیں درکار ہیں، پاکستان فلسطین اور لبنان کے مہاجرین کی انسانی بنیادوں پر مدد کررہا ہے، دہشت گردی دونوں ملکوں کیلئے مشترکہ چیلنج ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

18.3 فیصد ہونے کا انکشاف ہوا ہے، آئی ایم ایف سے ریبیسنگ بروقت کرانے کی یقین دہانی اور سرکلر ڈیٹ مینجمنٹ پلان پر بات بھی کی جائے گی، اسی طرح سرکلر ڈیٹ مینجمنٹ پلان کی وفاقی کابینہ اور آئی ایم ایف سے منظوری لی جائے گی۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ ڈسکوز کے نقصانات کو کم کرکے 66 ارب روپے کی ریکوریاں بہتر کی جائیں گی، 358 ارب مختص سبسڈی میں سے آئی پی پیز اور گورنمنٹ پاور پلانٹس کو دیئے جائیں گے، مالی سال کے اختتام تک گردشی قرض 2430 ارب روپے تک پہنچ جائے گا۔ گزشتہ 2 برسوں کے دوران پاور سیکٹر کے گردشی قرض میں 140 ارب روپے کا اضافہ ہوا ہے، ڈسکوز کے نقصانات کو 18.3 فیصد سے کم کر 17.3 فیصد کی سطح پر لایا جائے گا، آئیسکو کیلئے 7.8 فیصد لاسز، لیسکو کیلئے 14.5 فیصد، جیپکو کیلئے 11.8 فیصد نقصانات کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ فیسکو کیلئے 8.4 فیصد، میپکو کیلئے 13.9 فیصد، پیسکو کیلئے 35.7 فیصد نقصانات کا ہدف ہے، حیسکو کیلئے 27.2 فیصد، کیسکو کیلئے 26.8 فیصد، سیپکو کیلئے 34 فیصد نقصانات کا ہدف رکھا گیا ہے۔ دستاویز میں مزید کہا گیا ہے کہ سال 25-2024 کیلئے ڈسکوز ریکوریز 90 فیصد تک بڑھانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، سرکلر ڈیٹ مینجمنٹ پلان پر عملدرآمد کیلئے تمام اداروں سے کوآرڈینیشن بڑھائی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 3

آفات سے نمٹنے کی تیاری کرنی ہوگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سونامی کی تباہی سے نمٹنے کے لئے ہمیں بین الاقوامی تجربات سے سیکھنا اور اپنی حکمت عملی کو مضبوط بنانا ہے۔ حکومت پنجاب نے جامع کلائمیٹ پالیسی متعارف کرائی ہے جس میں قدرتی آفات میں انسانی جان و مال کا تحفظ بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ عوام میں قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے باقاعدہ آگاہی پروگرامز کا انعقاد کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ناگہانی صورتحال میں شہری حفاظتی اقدامات سے آگاہ ہونا چاہیے۔ پنجاب میں انفراسٹرکچر کی تعمیر میں زلزلے کے نقصانات سے بچاؤ کی تکنیک کو اپنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی بہتری کے لیے شہری حکومت کا ساتھ دیں۔ دنیا کو یکجا ہوکر قدرتی آفات کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 4

دینے والوں کی تصدیق کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ارکان اسمبلی کو ڈپٹی کمشنر کے ساتھ خود جانے کی ہدایت کردی، ارکان اسمبلی اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے درخواست دہندگان کو وزیراعلیٰ کی طرف سے مبارکباد کا لیٹر بھی دیں گے۔ مریم نواز نے اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کے تحت قرض کی رقم منظور ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی پہلی قسط سے اپنے گھر کی تعمیر کا آغاز کر سکتے ہیں، دعا اور خواہش ہے کہ ہر بے گھر پاکستانی کو گھر کی نعمت میسر ہو، ترقی اور خوشحالی کے سفر میں نواز شریف، شہباز شریف اور ہم سب آپ کے ہمقدم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 5

ہائی کورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کردی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ سابق وزیراعظم اڈیالہ جیل میں جھوٹے اور بے بنیاد الزامات کی وجہ سے قید ہیں اور عدالت کے حکم کے مطابق درخواست گزار کو ملاقات کا حق حاصل ہے۔ درخواست کے مطابق جیل مینوئل کے تحت سہولیات نہ دے کر درخواست گزار کے حقوق پامال کیے جارہے ہیں، عمران خان کو خاندان، دوستوں اور وکلا سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ درخواست میں کہا گیا کہ عدالت کے احکامات نظر انداز کر کے درخواست گزار کو بنیادی حقوق سے محروم رکھا گیا، جیل سپرنٹنڈنٹ کو 6 نام دینے کے باوجود ان سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ درخواست گزار نے کہا کہ عدالتی احکامات پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 6

اہتا ہے تو یہ ایوان خالی پڑا ہے، سروسز چیفس کی مدت ملازمت بڑھانے سے کتنے ہی افسران کا کیریئر ختم ہوگیا ہے۔ عمر ایوب نے کہا کہ 9 مئی 9 مئی لگائی ہوئی ہے، یہ کل طلبا کو لے جا کر جناح ہاؤس کو دکھاتے رہے، ہم بھی خیبر پختونخوا کے طلبا وطالبات کو کے پی ہاؤس میں وفاقی فورسز کی گئی توڑ پھوڑ دکھائیں گے، ہم اپنے نوجوانوں کو دکھائیں گے کہ ایک صوبے پر کس طرح حملہ کیا گیا۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ کیا ہماری فورسز ہلاکو خان کی فورسز بن چکی ہیں؟ آج عوام کو مہنگائی کی پڑی ہے لیکن انہیں بلز پر بلز منظور کرانے کی پڑی ہے، یہ حکومت نہیں رجیم اور مافیا ہے، ان کو جیل میں بیٹھے شخص کا ڈر ہے۔ عمر ایوب نے کہا کہ جب ہماری حکومت تھی تو جی ڈی پی 6 فیصد تھا، آئیں کیمرہ لیکر مارکیٹ چلتے ہیں عوام سے ملکر پوچھ لیتے ہیں کہ مہنگائی کم ہوئی ہے، آپ اپنے ساتھ کھڑے سیکیورٹی گارڈ سے پوچھ لیں مہنگائی کم ہوئی ہے؟ اس ایوان سے سردار اختر مینگل استعفا دے کر چلے گئے کسی کے کان پر جوں تک نہیں رینگی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اپنے لیے خود گڑھا کھود رہی ہے، یہ قانون سازی ان کے خلاف استعمال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ قومی ایئرلائن کا کیا حال کردیا، پی آئی اے کا ایک ہی بڈر آیا، اس نے صرف 10 ارب روپے دینے کا کہا، ملک ترقی نہیں کر رہا، 10 لاکھ لوگ پاکستان چھوڑ کر چلے گئے، حکومت کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں۔ عمر ایوب نے مطالبہ کیا کہ فی الفور صاف اور شفاف الیکشن ہونے چاہئیں، فارم 47 کی حکومت میں سکت نہیں ہے، بھارت میں سپریم کورٹ کے ججز کی تعداد 33 ہے یہاں 34 ہوگئی۔ اپوزیشن لیڈر نے بشریٰ بی بی کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سابق خاتون اول نے بھرپور طریقے سے کیسز کا سامنا کیا، بشریٰ بی بی نے ثابت کیا کہ وہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طاقت ہیں۔ عمر ایوب خان نے کہا کہ ملک میں فی الفور صاف اور شفاف الیکشن ہونے چاہئیں۔

بقیہ بقیہ جات 7

کچھی نے کہا ہے کہ اللہ تعالی مجھے تباہ و برباد کردے اگر میں نے ایک روپیہ بھی لیا ہو۔ منگل کو قومی اسمبلی میں وضاحت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہاں کہا گیا کہ میں نے پیسے وصول کیے ہیں، اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ہمارے لوگوں کے ساتھ یہ ہو رہا ہے۔ اورنگزیب کچھی نے کہا کہ ہماری پارٹی کی لیڈر شپ نے ہمارا سودا کیا ہے، یہ مجھے داد دیں اس دن ہماری پارٹی کا فارورڈ بلاک بن رہا تھا جسے میں نے رکوایا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک بہت بڑی جماعت ہے، آنے والے وقت میں پھر ہمارے حلقے کے عوام جو فیصلہ کریں گے ہمیں قبول ہو گا۔ اورنگزیب کچھی کے خطاب کے دوران پی ٹی آئی ارکان نے شور شرابا بھی کیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے شور شرابے کے دوران قومی اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 8

بلاول بھٹو وطن واپسی پر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس بلائیں گے جس میں اہم فیصلے ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 9

جنیوا جائیں گی۔ نواز شریف بھی لندن سے جنیوا پہنچیں گے۔ چار دن جنیوا میں قیام کے بعد دونوں لندن واپس آئیں گے۔ گزشتہ روز نواز شریف نے لندن میں صحافیوں سے مختصر گفتگو کی، اس موقع پر ایک صحافی کی جانب سے مریم نواز کے لندن آنے سے متعلق سوال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 10

شہید ہوئے۔ رپورٹ میں بتایا ہے کہ وسطی دیر البلاح میں ایک خیمے پر حملے میں 2 فلسطینی شہید ہوئے۔ وسطی عززاویدہ میں ایک خیمے پر حملے میں 4 فلسطینی شہید ہوئے جبکہ خان یونس میں خیموں پر حملے میں 3 فلسطینی شہید ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق شمالی غزہ میں اسرائیلی فوج نے کمال اردوان اسپتال پر بھی دوبارہ حملہ کیا جس کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہو گئے، اس حملے میں زخمی ہونے والوں میں نوزائیدہ بچے، مریض اور اسپتال کا عملہ شامل ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیلی فوج نے غزہ میں ایک ڈرون حملہ بھی کیا جس کے نتیجے میں 2 فلسطینی شہید ہو گئے۔ اس کے علاوہ اسرائیلی آبادکاروں نے مغربی کنارے کے متعدد گھر اور گاڑیاں جلا دیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق اسرائیلی آبادکاروں کی کئی تنظیمیں دہشت گردوں کی فہرست میں شامل ہیں۔ اس حوالے سے فلسطینی حکام کا یہ کہنا ہے کہ اسرائیل روزانہ کی بنیاد پر 12 فلسطینی خاندانوں کو بے گھر کررہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

کے جج منظر علی گل نے ضمانتوں کی درخواستوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت اے ٹی سی جج نے استفسار کیا کہ درخواست گزار کے وکیل کہاں ہیں دلائل دیں۔ جس پر جونیئر وکیل نے جواب دیا کہ سینئر وکیل اسلام آباد میں ہیں۔ جج منظر علی گل نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ وہ تو روز اسلام آباد ہوتے ہیں، بہت ہوگیا، اب دلائل مکمل کریں۔ بعدازاں عدالت نے عمران خان کے وکیل کو ضمانت کی درخواستوں پر دلائل کیلئے آخری موقع دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت جمعہ 8 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 12

بلوچ نے کہا کہ عدلیہ کی آزادی ختم کرنے کا قانون قومی اسمبلی کا کالا قانون ہے، حکومت اعلی عدلیہ میں مرضی کے ججز چاہتی ہے، حکومت نے عدلیہ پر حسب ضرورت حملہ آور ہونے کے لیے تلوار پکڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاک افواج سے متعلق ترامیم بھی پارلیمنٹ کی بے بسی اور غلامی کی بدترین مثال ہے، عدلیہ کی آزادی کے لیے جمہوریت پسندوں کو ہر سیاست سے بالاتر ہوکر کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 13

صورتحال کے پیش نظر سموگ وار روم قائم کردیا۔ ترجمان ادارہ ماحولیات پنجاب ساجد بشیر نے بتایا کہ وار روم میں آٹھ محکموں کے افسران کو شامل کیا گیا ہے، وار روم میں محکمہ زراعت، سپارکو، ایل ڈبلیو ایم سی، محکمہ ماحولیات، لوکل گورنمنٹ اور ٹرانسپورٹ کے افسران شامل کیے گئے ہیں۔ سموگ وار روم میں اربن یونٹ کے فوکل پرسن کو بھی وار روم کا حصہ بنایا گیا ہے۔ وار روم کمیٹی ممبران موجودہ اور آنیوالے دنوں میں موسم اور فضا کی فارکاسٹ کا جائزہ لیں گے۔ کمیٹی فیلڈ افسران کی کارکردگی اور اقدامات کا جائزہ روزانہ کی سطح پر لے گی۔ انچارج کمیٹی روزانہ کی سطح پر ایڈوائزری ڈی جی ماحولیات کی منظوری کے بعد جارہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 14

کی علی الصبح حملہ کیا گیا، مسجد کو جزوی نقصان پہنچا تاہم ایمرجنسی سروسز کو فوراً مطلع کیا گیا جنہوں نے آگ کو بجھا دیا۔ واقعہ کے بعد پولیس کی بھاری نفری پہنچ گئی اور تحقیقات کا آغاز کردیا۔ واقعہ سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا اور نیوزی لینڈ میں 2019 میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ کی یادتازہ کردی جس میں ایک سفید فام انتہا پسند نے فیس بک پر لائیو اسٹریمنگ کرکے مسجد پر حملہ کرکے 21 مسلمانوں کو شہید کردیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ کلوز سرکٹ ٹیلی ویژن نے دکھایا کہ کوئی شخص صبح ایک بجے سے پہلے نیولن کی امام رضا مسجد میں گھس آیا اور جان بوجھ کر آگ لگادی۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا ''پولیس اب بھی ممکنہ محرک کی تحقیقات کررہی ہے اور ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ نفرت سے متعلق جرم ہے۔'' مسجد کے حکام نے سوشل میڈیا پر کہا کہ منگل کا حملہ چونکا دینے والا اور ہولناک تھا۔ انہوں نے ایک پوسٹ میں کہا کہ ''ایسے لوگ ہیں جنہوں نے ہمیں نقصان پہنچانے کی کوشش کی، ہمارے مقدس مقام کی بنیادوں کو ہلادیا۔''

بقیہ بقیہ جات 15

پہنچ سکتا ہے۔ بھارت سے آنے والی آلودہ ہوائیں شہر کی فضائی آلودگی میں اضافہ کررہی ہیں، جس کی رفتار 4 کلومیٹر فی گھنٹہ ہے اور ان ہواؤں کا رخ مشرق سے مغرب کی طرف ہے۔ اس حوالے سے سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ آلودگی کی روک تھام کے لیے انتظامیہ کی جانب سے متعدد اقدامات کیے جارہے ہیں، جن میں بغیر زگ زیگ ٹیکنالوجی کے چلنے والے بھٹوں کو گرانا، سڑکوں اور بازاروں میں پانی کا چھڑکاؤ اور ماحولیاتی افسران کے ساتھ فیلڈ آپریشنز شامل ہیں۔ مزید برآں سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ماسک کا استعمال یقینی بنائیں اور خاص طور پر بزرگ، مریض اور بچے اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ انہوں نے فصلوں کی باقیات جلانے سے اجتناب برتنے کی بھی تلقین کی ہے اور واضح کیا ہے کہ اس طرح کی سرگرمیاں سموگ کی شدت میں اضافے کا سبب بنیں گی۔ اگر ضرورت پیش آئی تو مصنوعی بارش کا آپشن بھی استعمال کیا جائے گا۔ مریم اورنگزیب نے مزید کہا کہ شہری کسی بھی خلاف ورزی کی اطلاع 1373 ہیلپ لائن یا گرین ایپ کے ذریعے دے سکتے ہیں۔ حکومت کے قائم کردہ مانیٹرنگ اینڈ کنٹرول سنٹر نے فضائی آلودگی پر گہری نظر رکھی ہوئی ہے اور صورتحال کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

صوبائی اسمبلی اختر حسین لانگو اور شفیع محمد کی ضمانت منظور کرلی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں رہنماؤں کے خلاف درج سینیٹ میں اسلحہ لے جانے کے مقدمے میں ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے مقدمے کی سماعت کی، دلائل سننے کے بعد عدالت نے 20 ہزار روپے کے مچلکوں کی عوض اختر لانگو اور شفیع محمد کی ضمانت منظور کرلی۔

بقیہ بقیہ جات 17

اشرف نے 7 ڈویژنل موبلائزیشن کمیٹیوں کا اعلان کر دیا۔ جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی وسطی پنجاب سید حسن مرتضیٰ نے بتایا کہ لاہور اربن کی ڈویژنل کمیٹی میں فیصل میر، رانا جمیل منج، چودھری ریاض اور رانا اشعر نثار، لاہور رورل ڈویژن کمیٹی میں جاوید بھٹی، رائے شاہ جہاں بھٹی اور حاجی فلک شیر، راولپنڈی ڈویژن موبلائزیشن کمیٹی میں خرم پرویز راجہ، خالد نواز بوبی اور سردار اظہر عباس، گوجرانوالہ ڈویژن کمیٹی میں میاں اظہر حسن ڈار، آصف بشیر بھاگٹ اور ملک طاہر شامل ہیں۔ اسی طرح سرگودھا کی ڈویژنل کمیٹی میں خان آصف خان، تسنیم قریشی اور حاجی ظل حسین، فیصل آباد ڈویژن کمیٹی ارشد جٹ، سید عنایت علی شاہ اور حاجی محمد اسحق اور ساہیوال ڈویژن کمیٹی میں رانا عرفان، مہر غلام فرید کاٹھیا اور محمد لطیف بھٹی پر مشتمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کمیٹیاں اضلاع میں 30 نومبر کے یوم تاسیس اور پرچم لہرا مہم کو متحرک کرنے کے لیے قائم کی گئی ہیں جو پارٹی کو متحرک کرنے کی حکمت عملی تیار اور ان پر عمل درآمد کرائیں گی، پارٹی کارکنوں، حامیوں اور عوام الناس کے درمیان موثر رابطے کو یقینی بنائیں گی اور عہدیداروں اور ٹکٹ ہولڈرز کی کارکردگی کو ٹریک کر کے رپورٹ کریں گی۔ حسن مرتضیٰ نے کہا کہ میڈیا تعلقات، سوشل میڈیا مینجمنٹ اور مواد کی تخلیق کو ہینڈل کریں، پارٹی سپورٹ بنانے کے لیے مقامی کمیونٹیز کو ساتھ شامل کریں گی اور پارٹی سرگرمیوں پر پیشرفت اور باقاعدہ میٹنگز کے بعد پارٹی سیکرٹیریٹ کو ہفتہ وار تحریری رپورٹ دیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 18

اور سینئر رہنما عاطف خان کے خلاف وزیراعلیٰ علی امین کی مبینہ آڈیو وائرل ہوگئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی ٹی آئی کی قیادت میں اختلافات سامنے آگئے، سینئر رہنما عاطف خان سے متعلق مبینہ آڈیو میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ عاطف خان حیثیت کی بات نہ کرے، سب کو پتا ہے کس کی کیا حیثیت ہے۔ مبینہ آڈیو میں انہیں عاطف خان سے متعلق کہتے ہوئے سنا گیا کہ وہ کہانیاں نہ بنائے، انکوئری کا سامنا کرے، دھمکیوں سے باز رہے، پہلے ہی بڑا برداشت کررہا ہوں۔ اس میں سنا گیا کہ عاطف خان اتنا اہم نہیں ہے، میرے پاس وقت بھی نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

وفد نے اپنے فیکلٹی ممبران کے ہمراہ پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ کیا۔ ایوان بالا کے اعلیٰ حکام نے وفد کو پارلیمنٹ ہاؤس میں خوش آمدید کیا۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا دورہ کرایا گیا جہاں پر انہیں ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار بھی کیا۔ وفد نے سینٹ ہال کا بھی دورہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

آرڈیننس کے بعد نیب عدالت نے ریفرنس اینٹی کرپشن عدالت کو بھجوایا ہے۔ سینئر اسپیشل جج اینٹی کرپشن سردار محمد اقبال ڈوگر نے ریفرنس پر سماعت کی۔ دوران سماعت سابق وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز نے عدالت کے روبرو جبکہ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے ان کے نمائندے انوار حسین نے پیش ہوکر حاضری مکمل کروائی۔ اس موقع پر شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے وکیل نے نیب ترمیمی آرڈیننس کی کاپی عدالت میں پیش کی۔ وکیل امجد پرویز نے کہا کہ نیب ترمیمی آرڈیننس کی روشنی میں اینٹی کرپشن ریفرنس پر سماعت کا دائرہ اختیار رکھتی ہے۔ جج اینٹی کرپشن نے استفسار کیا کیا اس ریفرنس میں فرد جرم عائد ہوچکی ہے۔ وکیل امجد پرویز نے کہا کہ اس میں فرد جرم عائد ہوچکی ہے اور چار گواہ بھی ہوئے ہیں۔ جج نے کہا کہ نیب عدالت کے فرد جرم کو ہم کیسے آگے چلا سکتے ہیں۔ امجد پرویز نے کہا کہ میں اعلی عدالتوں کے فیصلوں کی نقول دیتا ہوں اس کے بعد عدالت نے فرد جرم عائد کرنی ہے تو کر سکتی ہے۔ حمزہ شہباز خود موجود ہیں اور شہباز شریف کے نمائندے کی موجودگی میں آپ فرد جرم عائد کر سکتے ہیں۔ جج اینٹی کرپشن نے کہا کہ ابھی ہم نے دیکھنا ہے ریفرنس پر سماعت کا ہمارے پاس اختیار ہے یا نہیں۔ عدالت نے عدالتی دائرہ اختیار کا جائزہ لینے کے لیے کارروائی کچھ دیر تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 21

پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے، متاثرہ بچہ چند ماہ کا ہے۔ ای او سی کے مطابق قلعہ سیف اللہ سے پولیو کا یہ دوسرا کیس ہے، جس کے بعد ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 46 ہوگئی ہے۔ اب تک صوبہ بلوچستان سے 23، سندھ سے 12، کے پی سے پولیو کے 9 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ای او سی کے مطابق پنجاب اور اسلام آباد سے پولیو کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے صوبے میں پولیو کے بڑھتے ہوئے کیسز پر اظہار تشویش کرتے ہوئے 10 روز میں جامع روڈ میپ مرتب کرنے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 22

، پاکستان کے بہترین اور ہنرمند نوجوان تقریب میں موجود ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پاکستان کی بنیاد ایک خواب پر رکھی گئی، علامہ اقبال کے خواب کو قائداعظم نے تعبیر دی، نوجوانوں نے قائداعظم کے کندھے سے کندھا ملا کر آزادی حاصل کی، نوجوانوں نے گلی گلی، قریہ قریہ میں پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ کا نعرہ پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان ہنرمند نوجوانوں کا ملک ہے، پاکستان کی نوجوان آبادی ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور ہر فورم پر نوجوان پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں، پاکستانی نوجوان دنیا کے منظرنامے کو منفرد شکل دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانا وقت کا تقاضا ہے اور حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے، ملکی معیشت کی مضبوطی کیلئے حکومت دن رات کوشاں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم نے فلسطین کے 200 طلبہ کو پاکستانی اداروں میں داخلے دیئے، اسرائیل نہتے فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے، اقوام عالم فلسطینیوں کی نسل کشی کو رکوانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے، پاکستان 1967 سے پہلے والی فلسطینی ریاست کی بحالی چاہتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

میں نجی کارروائی کا دن تھا تاہم ایجنڈا میں شامل امور کو نمٹایا نہیں جاسکا۔ اجلاس کے دوران اپوزیشن کے اراکین مسلسل نعرے بازی کرتے رہے جس پر ڈپٹی سپیکر نے کہا کہ اراکین کو نجی کارروائی کے دن کو چلانے میں دلچسپی نہیں ہے، ڈپٹی سپیکر نے قومی اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی کرنے کا صدارتی فرمان پڑھ کر سنایا۔

بقیہ بقیہ جات 24

مطابق آئی پی پیز کی نہ تو کوئی ٹیکنالوجی اسٹڈی کی گئی اور نہ کوئی ٹیسٹ کیا گیا۔ منگل کو سینیٹ کی پاور کمیٹی کا اجلاس محسن عزیز کی زیرصدارت ہوا جس میں آئی پی پیز کے معاہدوں، منافع کی شرح اور مستقبل کے اقدامات کے معاملات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعظم کی ٹاسک فورس برائے توانائی کے وائس چیئرمین و اسپیشل اسسٹنٹ برائے پاور محمد علی کی جانب سے بریفنگ دی گئی۔ سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ کمیٹی کو منافع کی شرح، کک بیکس، ہیٹ ریٹ، آڈٹ کی تفصیلات نہیں دی گئیں، 5 آئی پی پیز کے معاہدے ختم ہوچکے، باقی آئی پی پیز کا مستقبل کیا ہے، یہ بتایا جائے۔ وزیراعظم کی ٹاسک فورس برائے توانائی کے وائس چیئرمین و اسپیشل اسسٹنٹ برائے پاور محمد علی نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ حکومت نے مہنگی بجلی کے باعث 2019 میں آئی پی پیز پر اسٹڈی کرائی۔ کمیٹی نے 2020 میں رپورٹ دی ہم نے آپی پیز کو 1994 کی پالیسی میں اپ فرنٹ ٹیرف دیا، 2002 پالیسی میں ایکویٹی پر بھی آئی پی پیز کو ریٹرن آفر کیے۔ انہوں نے بتایا کہ سرمایہ کاری پر ریٹرن دینے کے بعد آئی پی پیز کا منافع 27 فیصد سے بڑھا، بجٹ نہ ملنے کے باعث پاکستان میں لگنے والی آئی پی پیز کی ٹیکنالوجی کی اسٹڈی نہیں کر سکے، ہم نے 2 کروڑ مانگے تھے دنیا سے ہم اس ٹیکنالوجی کی کاسٹ کا ڈیٹا منگوا لیتے، اس وقت آئی پی پیز کا ہیٹ ریٹ اور ایفیشنسی ریٹ ٹیسٹ نہیں ہوا اس وقت نیپرا نے ان آئی پی پیز کو ہیٹ ریٹ چیکنگ کے بغیر ٹیرف دیا۔ نیپرا نے ایفیشنسی اور ہیٹ ریٹ آڈٹ کرنے کی کوشش کی تو آئی پی پیز نے عدالت سے حکم امتناع لیا۔ محمد علی نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ کوشش ہے کہ آئی پی پیز کی اضافی ادائیگیاں مستقبل میں ایڈجسٹ کی جائیں، فرنس آئل کے پاور پلانٹس کی ایفیشنسی 40 فیصد ہے، مستقبل میں تمام آئی پی پیز کو ٹیک اینڈ پے پر لے کر جارہے ہیں، آئی پی پیز سے مذاکرات میں مزید 3 ماہ لگیں گے، قومی خزانے کو 300 ارب اور 3 سے 6 روپے شارٹ ٹرم میں ٹیرف کم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بگاس پاور پلانٹس کے ٹیرف کو پاکستانی کرنسی پر منتقل کردیا، پہلے بگاس ٹیرف کو کوئلے کے ڈالر ریٹ سے منسلک تھا اب بگاس کو کوئلے کی قیمت سے بھی ڈی لنک کر دیا گیا ہے، ہم نے بگاس کے ٹیرف کو کوئلے کی قیمت ڈالر سے ڈی لنک کرنے کی سمری کابینہ کو بھجوا دی ہے، پانچ آئی پی پیز کا معاہدہ ختم ہو چکا، 18 سے بات چیت جاری ہے۔ اس کے بعد حکومتی پلانٹس اور سولر ونڈ کو دیکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 25

کر رہے ہیں۔ ان ممالک کا کہنا ہے کہ اس بات کے شبے کی مناسب وجوہات موجود ہیں کہ یہ عسکری ساز وسامان غزہ اور مغربی جنارے میں استعمال کیا جائے گا جو تنازع کا شکار ہیں۔ یہ بات اقوام متحدہ کے زیر انتظام دونوں اداروں اور تنظیم کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کو پیر کے روز بھیجے گئے ایک خط میں کہی گئی۔ خط میں مذکورہ ممالک نے اسرائیل پر الزام عائد کیا کہ وہ غزہ سمیت فلسطینی اراضی، لبنان اور بقیہ مشرق وسطیٰ میں بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزیاں کر رہا ہے۔ خط میں لکھا گیا ہے کہ قابض طاقت اسرائیل کی جانب سے ایک سال سے زیادہ عرصے سے بین الاقوامی قوانین کی مسلسل خلاف ورزیوں کے سبب شہریوں کی ہلاکتوں کی حیران کن تعداد جس میں اکثریت بچوں اور عورتوں کی ہے، یہ نا قابل برداشت اور نا قابل قبول ہے... ہمیں فوری طور پر ایسے اقدامات کی ضرورت ہے جن سے شدید انسانی المیے اور علاقائی عدم استحکام کو روکا جاسکے جو خطے میں ایک وسیع جنگ چھیڑنے کا خطرہ بن سکتا ہے۔ خط میں سلامتی کونسل پر زور دیا گیا ہے کہ اس المیے سے گریز کے لیے فوری فائر بندی کا اعلان کیا جائے اور شہریوں کے تحفظ کے لیے سابقہ قرار دادوں پر عمل درآمد کے اقدامات کیے جائیں۔ ساتھ ہی اسرائیل کو ہتھیاروں کی منتقلی روکنے کا واضح مطالبہ جاری کیا جائے۔ ادھر اقوام متحدہ میں اسرائیلی سفیر ڈینی دانون نے اس خط میں ترکی کے کردار پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایسی ریاست سے کیا توقع کر سکتے ہیں جو شر پسندی سے مغلوب ہو کر شر کے محور کی حمایت سے تنازعات بھڑکانے کی کوشش میں مصروف ہو؟ یاد رہے کہ شر کا محور کی اصطلاح پہلی مرتبہ سابق امریکی صدر جارج بش نے آران، شمالی کوریا اور عراق کی طرف اشارے کے لیے استعمال کی تھی۔ ڈینی دانون نے ایک بیان میں واضح کیا کہ ہم کسی بھی سیاسی یا فوجی حملے کے مقابل اسرائیلی ریاست کے مفادات کی خاطر مزاحمت جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 26

تبدیل کر کے اسسٹنٹ کمشنر (ایچ آر اینڈ کوآرڈی نیشن) قصور تعینات، سیکشن افسر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب مس اماۃ سلام کو تبدیل کر کے اسسٹنٹ کمشنر (جنرل) گوجرانوالہ تعینات، جنرل اسسٹنٹ (ریونیو) جہلم محمد خان کو تبدیل کر کے اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) سرگودھا تعینات، سیکشن آفیسر محکمہ سکول ایجوکیشن اقبال آفتاب کو تبدیل کر کے سیکشن آفیسر محکمہ جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز تعینات، سہیل نفیس بھٹی کو سیکشن آفیسر محکمہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس تعینات، تقرری کے منتظر جاوید احمد خان کو سیکشن آفیسر محکمہ جنگلات، وائلڈ لائف اینڈ فشریز تعینات، آصف رحمان کو سیکشن آفیسر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ تعینات، سیکشن آفیسر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ احسان اللہ خان کو تبدیل کر کے سیکشن آفیسر س (پرسانل II) پرسانل ونگ ایس اینڈ جی اے ڈی تعینات اور سیکشن آفیسر ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول مس ماریہ اذکاء کو تبدیل کر کے سیکشن آفیسر محکمہ انرجی تعینات کر دیا گیا۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 27

پولیس کے مطابق فیلڈر گاڑی کو پہلے راکٹ سے نشانہ بنایا گیا اور پھر فائرنگ کی گئی۔ جاں بحق ہونے والوں میں سی ٹی ڈی پولیس اہلکار اور 2 سویلین شامل ہیں، لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے وانا اسپتال منتقل کردی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

توانائی تبدیلی سے تیزی سے گزر رہا ہے جس کے نتیجے میں شمسی توانائی کو معاشرے کے تمام شعبوں میں اپنایا جا رہا ہے۔ پاکستان نے گزشتہ مالی سال کے دوران چین سے تقریباً 15 گیگا واٹ (تقریباً 2.1 بلین ڈالر) کے شمسی پینل درآمد کیے۔ اس تبدیلی میں بجلی کے نرخوں میں اضافہ ہوا ہے جس سے زیادہ توانائی خرچ کرنے والے گھرانوں اور صنعتوں کو شمسی حل کی طرف راغب کیا جا رہا ہے جو نہ صرف سستا ہے بلکہ موثر بھی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق گزشتہ سال اس کے نتیجے میں گرڈ بجلی کی طلب میں 10.4 فیصد کمی واقع ہوئی ہے، اس طرح طویل عرصے سے بجلی کی قلت کا شکار اس جنوبی ایشیائی ملک کے لئے توانائی کی پیداوار ضروری ہوگئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق عالمی اور مقامی تجزیہ کاروں نے پاکستان کی شمسی توانائی کی طرف تیزی سے منتقلی کو صارفین کی جانب سے چلنے والی "شمسی ترقی" سے منسوب کیا ہے، جس کی بنیادی وجوہات بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، ٹیکنالوجی کی گرتی ہوئی قیمتیں اور مضبوط درآمدی رجحانات ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق کچھ عرصہ قبل فوٹو وولٹک فراہم کرنے والی عالمی کمپنی لونگی نے کراچی میں اپنی نئی پروڈکٹ ہائی مو ایکس 10 لانچ کرنے کے لیے ایک پریس کانفرنس کا انعقاد کیا تھا جس کی بیٹری کی کارکردگی 26.6 فیصد تک پہنچ گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 29

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق گینگ کی گرفتاری کے لیے کارروائی مناواں کے علاقے گنجے سدھواں میں کی گئی۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے بتایا کہ ڈولفن ٹیم نے ملزمان کو روک کر چیکنگ کی، جس کے دوران ملزمان سے منشیات، ڈرون اور اسلحہ برآمد ہوا۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کے مطابق ملزمان سے ہیروئین اور آئس برآمد ہوئی ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے بتایا ہے کہ ملزمان نے منشیات اور اسلحہ بذریعہ ڈرون بارڈر پار سپلائی کرنے کا اعتراف کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

اجازت کان کنی پر پابندی عائد کردی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے اٹک میں 3 ماہ کیلئے دفعہ 144 نافذ کر دی، اٹک میں دریائے سندھ کے اطراف سونے سمیت تمام معدنیات کی بلا اجازت کھدائی پر دفعہ 144 نافذ کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق دریائے سندھ کے اطراف کان کنی یا کھدائی کی مشینری کی نقل وحمل پر بھی 3 ماہ کیلئے پابندی عائد کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

مقدمات کی تفصیلات اور خفیہ مقدموں میں گرفتار نہ کرنے کی درخواست صوبائی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت 12 نومبر تک ملتوی کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ بانی پی ٹی آئی اس وقت نومئی اور توشہ خانہ کیس میں جیل میں قید ہیں، خدشہ ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے خلاف نامعلوم مقدمات درج کیے گئے ہیں، استدعا ہے عدالت بانی پی ٹی آئی کے خلاف درج مقدمات کی تفصیلات فراہم کرنے اور خفیہ مقدمات میں گرفتاری روکنے کا حکم دے۔

بقیہ بقیہ جات 32

کابینہ کو آگاہ کیا گیا کہ سال 2025 میں پاکستان کا حج کوٹہ 210,179 ہوگا جسے حکومت پاکستان اور نجی شعبے میں 50:50 کے تناسب سے تقسیم کیا جائے گا۔ حج پالیسی کے تحت 12 سال سے کم عمر بچوں کو اس سال حج کے حوالے سے سفر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ حکومتی کوٹے کے حوالے سے کمپیوٹرائزڈ بیلیٹنگ کی جائے گی۔ 1000 نشستیں ہارڈ شپ کیسز کے لئے مختص ہوں گی۔ 300 نشستیں مزدوروں یا کم آمدنی والے ملازمین جو کہ ورکرز ویلفیئر فنڈ یا ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوٹ سے رجسٹر ہوں گے کیلئے مقرر کی گئی ہیں۔ روڈ ٹو مکہ کی سہولت اسلام آباد اور کراچی کے بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر دستیاب ہوگی۔ حج گروپ آرگنائزرز وزارت مذہبی امور کے ساتھ سروس پرووائیڈر معاہدے پر دستخط کریں گے اور خدمات کی فراہمی کے حوالے سے ان آرگنائزرز کی کڑی نگرانی کی جائے گی۔ کابینہ کو آگاہ کیا گیا کہ حجاج کو بہتر سہولیات کی فراہمی کی نگرانی کے حوالے سے اس مرتبہ ناظم کا نیا عہدہ مقرر کیا گیا ہے۔ ہر 100 حجاج کے لیے ایک ناظم مقرر ہوگا۔ ان ناظمین کا انتخاب ویلفیئر اسٹاف میں سے ہی کیا جائے گا۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ دوران حج انتقال اور زخمی ہونے والوں کے لئے معاوضہ بڑھایا گیا ہے۔ انتقال کرنے والے حجاج کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے سے 20 لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے گا جبکہ زخمی ہونے والوں کو 10 لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے گا۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ حجاج کی سہولت کیلئے ایک خصوصی حج مینجمنٹ ایپلی کیشن بنائی گئی ہے اور حجاج کی تربیت کے حوالے بھی خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں۔ وفاقی کابینہ نے حج بیلیٹنگ میں ایسے افراد کو ترجیح دینے کی ہدایت کی جو پہلی مرتبہ حج کی ادائیگی کریں گے۔ وفاقی کابینہ نے مزید ہدایت کی کہ حجاج کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے حوالے سے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں۔ وفاقی کابینہ نے وزارت منصوبہ بندی کی سفارش پر سعید اقبال، معظم احمد، مدیحہ خالد، عثمان حیدر اور محمد سجاد فاروقی کی پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے بورڈ میں بطور پرائیوٹ ممبران تقرری کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت خزانہ و محصولات کی سفارش پر فارن کمرشل فنانسنگ فیسیلیٹی کی لندن انٹر بینک آفرڈ ریٹ LIBOR سے سیکیورڈ اوورنائیٹ فنانسنگ ریٹ SOFR پر منتقلی کے معاہدے کی بعد از وقوع / دستخط توثیق کردی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت امور کشمیر وگلگت بلتستان کی سفارش پر جموں و کشمیر اسٹیٹ پراپرٹی بجٹ برائے مالی سال 2024-25 کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے وزارت بحری امور کی سفارش پر بحری جہازوں کی درجہ بندی کی سرٹیفکیشن کے حوالے سے ڈائرکٹوریٹ جنرل آف پورٹس اینڈ شپنگ، کراچی اور بحریہ کلاسیفکیشن سوسائٹی کے درمیان معاہدے کی منظوری دے دی۔

بقیہ بقیہ جات 33

سے رہا کیا گیا تاہم ٹیکسلا پولیس نے اعظم سواتی کو جیل سے رہا ہوتے ہی حراست میں لیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پی ٹی آئی کے رہنما اعظم سواتی کی ضمانت کی درخواستیں منظور کر لی تھیں۔ اے ٹی سی کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے اعظم سواتی کی 8 مقدمات میں ضمانتیں منظور کی تھیں۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 20، 20 ہزار روپے کے مچلکوں کے عوض اعظم سواتی کی ضمانتیں منظور کیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

کے بعد ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی سینئر ٹریفک افسران ہسپتال پہنچ گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے ٹریفک انسپکٹر اویس خان گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ ہیں، اویس خان انتہائی ایماندار اور محنتی آفیسر تھے۔ آئی جی پنجاب نے سپروائزری افسران کو انسپکٹر اویس خان کے اہل خانہ سے قریبی رابطہ رکھنے اور ہر ممکن تعاون کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 35

نئے منتخب عہدیداران بزنس کمیونٹی کے حقوق کیلئے دن رات کام کرینگے۔ لاہور کے صنعتی و کاروباری حلقے پرامید ہیں لاہور چیمبر آف کامرس کی نومنتخب قیادت مسائل کے حل میں تازہ ہوا کا جھونکا ثابت ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 36

بہاوالدین کا شکریہ ادا کیا اور بزنس کمیونٹی کیلئے بزنس سیکٹر اور سرکاری اداروں کے درمیان مزید سازگار حالات کے قیام کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 37

اور پارلیمانی سیکرٹری پیر اشرف رسول کا حلقہ انتخاب بھی ہے اور دونوں راہنما کئی بار اس حلقے سے منتخب ہو چکے ہیں لیکن کسی نے درخواستوں کے باوجود آج تک اس طرف توجہ نہیں دی۔ ضلع کونسل شیخوپورہ اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ شیخوپورہ کے افسران سیوریج کی صفائی کے نام پر متعدد بار لاکھوں روپے کے فنڈز بھی ہڑپ کر چکے ہیں۔ مقامی افراد نے 2022 میں محتسب پنجاب کو مسئلے کے حل کیلئے درخواست دی۔ ایکسیئن ضلع کونسل شیخوپورہ عبداللہ اور سب انجینئر رانا ارسلان کی تحریری یقین دہانی پر محتسب پنجاب نے سیوریج کی فوری صفائی اور نئی سیوریج لائن اور سڑک کی تعمیر کا حکم دیا لیکن ضلع کونسل شیخوپورہ کے افسران نے محتسب پنجاب کے احکامات کو ہوا میں اڑا دیا جس کے بعد مقامی افراد نے 2024 میں محتسب پنجاب سے دوبارہ رجوع کیا اور محتسب پنجاب سے ان کے احکامات کی خلاف ورزی پر ضلع کونسل کے افسران کے خلاف کاروائی کی درخواست کی۔ ایکسیئن ضلع کونسل شیخوپورہ رانا شاہد نے محتسب پنجاب سے خلاف ورزی پر غیر مشروط معافی مانگتے ہوئے ہر صورت محتسب پنجاب کے احکامات پر عمل کرنے کی تحریری ضمانت دی جس کے بعد محتسب پنجاب نے ضلع کونسل شیخوپورہ کے افسران کو ایک موقع اور دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر وایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل شیخوپورہ، چیف افسر شیخوپورہ اور ایکسیئن ضلع کونسل شیخوپورہ کو 45 دنوں کے اندر اندر نئی سیوریج پائپ لائن بچھانے، رضوبیہ روڈ کی از سر نو تعمیر ومرمت کے ساتھ ساتھ سیوریج اور گندگی کو صاف کرکے سڑک کو قابل استعمال بنانے اور ہر ہفتے صفائی کرنے کے احکامات جاری کردیئے۔

بقیہ بقیہ جات 38

تھی۔ اب ہمیں متعدد کیسز کی سماعت ملتوی کرنا پڑے گی۔ نئی ترمیم کے بعد آئینی بینچ تشکیل دینا جوڈیشل کمیشن کی ذمہ داری ہوگی۔ سندھ اسمبلی نے گزشتہ روز آئین کے آرٹیکل 202 اے کے تحت ہائی کورٹس میں آئینی بینچز کی تشکیل کی قرارداد منظور کی تھی۔ ہائی کورٹس میں آئینی بینچز کی تشکیل سے متعلق قرارداد کے حق میں 123 اراکین نے ووٹ دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 39

کے مطابق انشورنس سیکٹر کی تنظیم نو سے ملک میں کاروبار کو سہولت ملے گی، انشورنس سیکٹر کو وزارت تجارت کے بجائے وزارت خزانہ کے ماتحت کیا جائے گا۔ انشورنس میں اصلاحات سے ایس ای سی پی کو ریگولیٹر بنا دیا جائے گا۔ مجوزہ قانون کے مطابق صارفین اپنی شکایات کے ازالہ کیلئے ریگولیٹر کو درخواست دے سکیں گے، تمام سرکاری انشورنس کمپنیوں کی نجکاری کی جائیگی۔ گاڑیوں کی تھرڈ پارٹی انشورنس کا قانون بھی جلد لایا جارہا ہے۔ صوبوں سے تھرڈ پارٹی انشورنس قانون کے حوالے سے مشاورت جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

انتہائی کارکر اچ کیو بائیس ڈیفنس سسٹم اور الیکٹرانک وارفیئر کیلئے انتہائی اہم ایئر بورن وائی ٹی جی نائن کا استعمال کیا گیا۔ پاک فضائیہ کے جے ٹین سی اور جے ایف سیونٹین بلاک تین لڑاکا طیاروں نے جنگی مہارت کا مظاہرہ کیا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق کامیاب انڈس شیلڈ فضائی جنگی مشق اتحادی ممالک کیساتھ پاک فضائیہ کی مشترکہ آپریشنل تیاری کا ثبوت ہے۔ مشق کا مقصد دونوں ملکوں کی فضائی افواج کی جنگی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

کہ پولیس نے ملزم وقار اور اسد کو گرفتار کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزمہ کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں، اسے بھی جلد گرفتار کرلیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین و بچوں پر تشدد کرنے والے عناصر سے نرمی نہیں برتی جائے گی، بچی گزشتہ ڈیڑھ سال سے ڈی ایچ اے میں ایک گھر میں ملازمہ تھی، گھر کی مالکن بچی پر تشدد کرتی تھی۔ حنا پرویز بٹ نے کہا کہ بچی کے جسم پر زخموں کے بے شمار نشان ہیں، خواتین اور بچوں کو تحفظ فراہم کرنا ہی پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی اولین ذمہ داری ہے، لاچار اور بے بس لوگوں پر ظلم کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دے سکتے۔ انہوں نے عوام سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے اردگرد ہونے والے ظلم وزیادتی کے خلاف آواز ضرور اٹھائیں، ایسا کوئی بھی واقعہ دیکھیں تو ہیلپ لائن 1737 پر فوری رابطہ کریں، عوام کے تحفظ کے لیے پولیس اور تمام قانونی ادارے موجود ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

کیپٹو پاور پلانٹس سے متعلق آئی ایم ایف شرط کو پورا کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر بجلی نے کہا کہ سولر نیٹ میٹرنگ کیلئے ریگولیشنز اور پرائسنگ میکانزم تبدیل کرنا پڑے گا، ڈسکوز کی نجکاری کو بہت باریک بینی سے دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کے الیکٹرک کی نجکاری کے باوجود 170 ارب روپے کی سبسڈی دینا پڑ رہی ہے، اگر اسی طرح ڈسکوز کی نجکاری کرنی ہے تو کوئی فائدہ نہیں۔ اویس لغاری کا کہنا تھا کہ کے الیکٹرک کی طرح ہی نجکاری کرنی ہے تو 500 ارب روپے مزید سبسڈی دینا پڑے گی۔

بقیہ بقیہ جات 43

چیئرمین کیلئے پینل کے نام مانگے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ٹی آئی نے شیخ وقاص اکرم کو چیئرمین پی اے سی نامزد کرنے پر اصرار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

نے والوں کی بولی میں دلچسپی سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس نے منافع بخش ادارے کو تباہ کیا وہی بولی میں پیش پیش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے کہ آپ اس ظلم کے خلاف آواز اٹھائیں۔

بقیہ بقیہ جات 46

صدیق اور ایڈووکیٹ منیر احمد بھی شامل ہیں، سپریم کورٹ نے آئینی درخواست کو دائری نمبر بھی الاٹ کر دیا۔ درخواست میں وفاق، چاروں صوبوں، اسپیکر قومی اسمبلی اور چیئرمین سینیٹ کے علاوہ صدر مملکت آصف زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کو بھی فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ 26 ویں ترمیم آئین کے بنیادی ڈھانچے سے متصادم ہے، عدلیہ کی آزادی سلب کرنے کا اختیار پارلیمان کے پاس بھی نہیں ہے۔ درخواست گزار نے استدعا کی کہ عدلیہ کی آزادی سے متصادم ترمیم کالعدم قرار دی جائے، آئینی ترمیم سے بننے والے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس منعقد کرنے سے روکنے کی بھی استدعا کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 47

کارپوریٹ پویلین دونوں میں 152 ممالک، خطوں اور بین الاقوامی تنظیموں کی شرکت کے ساتھ مجموعی نمائش کا علاقہ 420000 مربع میٹر سے تجاوز کر گیا ہے۔ اس سالانہ ایونٹ میں 129 ممالک اور خطوں سے 3496 نمائش کنندگان کے ساتھ اس سال ریکارڈ تعداد میں شرکت کرنے والی کمپنیاں شامل ہیں، جن میں 297 فارچیون گلوبل 500 کمپنیاں اور صنعت کے رہنما شامل ہیں۔ 400 سے زائد نمائندہ نئی مصنوعات، ٹیکنالوجیز اور خدمات کی نمائش کی جائے گی۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق قونصل جنرل نے کہا شرکت کرنے والے ممالک کی بڑھتی ہوئی تعداد اس بات کا ثبوت ہے کہ چین اپنی کھلے پن کی پالیسی پر کاربند ہے۔ انہوں نے کہا کہ فورمز اور سائیڈ لائن ایونٹس چین کے کھلے پن اور جدت طرازی کے پیغام کو مزید اجاگر کرتے ہیں، جو دنیا کے لئے ایک نئے نمونے کی نشاندہی کرتا ہے جو نہ صرف کھلے پن بلکہ شمولیت پر بھی زور دیتا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق ساتویں سی آئی آئی ای کے نیشنل پویلین زون نے 77 ممالک اور بین الاقوامی تنظیموں کی شرکت کو محفوظ بنایا ہے، یہ چینی مارکیٹ تک رسائی حاصل کرنے اور عالمی مارکیٹ سے منسلک ہونے کے لئے 19 کم ترقی یافتہ ممالک سے اعلیٰ معیار، منفرد مصنوعات کے لئے ایک پل کے طور پر کام کرتی ہے۔ قونصل جنرل نے کہا کہ چین کی جانب سے مل کر ترقی پر زور دینا یہاں واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین دیگر ممالک کی اجتماعی ترقی میں کس طرح سہولت فراہم کرے گا اس پر مسلسل بحث جاری ہے۔ اس نمائش کا مقصد سب کے لئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ سی آئی آئی ای میں نمائش میں اعلیٰ درجے کے آلات، نئے مواد، سمندری انجینئرنگ کا سامان، بائیوٹیکنالوجی، جدید زرعی ٹیکنالوجی اور سائنس اور ٹیکنالوجی کے بہت سے دیگر جدید شعبے شامل ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق قونصل جنرل نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ سی آئی آئی ای میں نمائندگی کرنے والے زیادہ تر شعبے وہ ہیں جہاں چین اور پاکستان مل کر ترقی کرنا چاہتے ہیں۔ ایک مشترکہ بیان میں چین سی آئی آئی ای جیسے پلیٹ فارمز کے ذریعے دوطرفہ تجارت کو وسعت دینے پر پاکستانی کاروباری اداروں کا خیرمقدم کرتا ہے اور چین کو برآمدات بڑھانے میں پاکستان کی حمایت کرتا ہے۔ اس سال پاکستان نے سی آئی آئی ای میں اپنی اب تک کی سب سے بڑی شرکت حاصل کی ہے۔ انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ہماری شرکت دو مختلف پویلین پر محیط ہے۔ ایک قومی پویلین ہے، جہاں ہم اپنے ملک کا امیج بنانے پر توجہ مرکوز کررہے ہیں۔ دوسرا کارپوریٹ پویلین ہے۔ پاکستانی وفد نے کنزیومر ہال میں تقریباً 29 کمپنیوں کو پیش کیا، جنہوں نے قالینوں اور دستکاریوں سے لے کر اونیکس اور لکڑی کے فن پاروں تک مختلف مصنوعات پیش کیں۔ مزید برآں فوڈ ہال اور سرجیکل سیکٹر میں پاکستانی نمائش کنندگان بھی موجود تھے۔ مجموعی طور پر، پاکستانی نمائش کنندگان کی تعداد 50 سے تجاوز کر گئی، جن میں چین میں پہلے سے رجسٹرڈ پاکستانی کاروباری اداروں کے نجی شرکا بھی شامل ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق۔ قونصل جنرل نے کہا کہ پاکستانی شرکا کے لئے سی آئی آئی ای باقی دنیا کے ساتھ رابطہ قائم کرنے کے لئے ایک منفرد پلیٹ فارم پیش کرتی ہے، ہمارے نمائش کنندگان یہاں جو رسائی حاصل کریں گے وہ کسی بھی دوسری نمائش سے کہیں زیادہ نہیں ہے۔ مزید برآں، متعدد فورمز اور سائیڈ لائن ایونٹس، جن میں سے ہر ایک ایک مخصوص موضوع کے ساتھ، چینی مارکیٹ، ترقی کے ماڈل اور مستقبل کے منصوبوں کے بارے میں قیمتی بصیرت فراہم کرتا ہے۔ پاکستانی نمائش کنندگان کے پاس ان فورمز میں شرکت کرنے اور اس بارے میں براہ راست معلومات حاصل کرنے کا موقع ہے کہ کس طرح حصہ ڈالنا ہے اور جیت نے والی صورتحال کو حاصل کرنا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق قونصل جنرل نے کہا کہ سی آئی آئی ای ایک اہم لانچنگ پیڈ ہے، خاص طور پر جب پاکستان چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) دوسرے مرحلے میں داخل ہورہا ہے۔ ضروری انفراسٹرکچر کی مضبوطی کے ساتھ، پاکستانی نمائش کنندگان چینی کمپنیوں کے ساتھ خصوصی اقتصادی زونز (ایس ای زیڈز) میں شمولیت اور صنعتی ترقی کے اس اگلے مرحلے کو آگے بڑھانے کے لئے شراکت داری کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے سی آئی آئی ای میں ثقافتی اور کھانے پینے کے سامان کی موجودگی کے ساتھ ساتھ بی ٹو بی متوازی تبادلوں میں تیزی لانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے بلاشبہ پاکستان اور چین کے درمیان کاروباری تعلقات مضبوط ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 48

وقانونی جدوجہد سے پاکستان قائم ہونے کا سہرا قائداعظم کے سر پر جاتا ہے کوئی کچھ بھی کرلے پاکستان کو بہتر بنانے کا سہرا ہمیشہ ہمیشہ کے لیے قاضی فائز عیسیٰ کے سر پر ہی رہے گا۔ جہانگیر اشرف وینس نے کہا کہ اب وقت ہے کہ ہر ذمہ دار اور ہر شہری ملک کو بہتر بنانے کے لیے اپنے کردار اور رویے کا جائزہ لے۔ دور کیا ہی اچھا ہو کہ یہ جائزہ لیتے وقت سابقہ کی خامیوں کو نظرانداز کرکے ان کی اچھائیوں کو اہمیت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اب فوج اور سیاستدانوں پر بھی لازمی ضرورت آگئی ہے کہ وہ آئین اور عوام کی مرضی کے بغیر اور خلاف کسی دیگر طریقہ سے اقتدار لینے اور دینے کا عرصہ دراز سے جاری دھندہ ختم کرے تاکہ ملک قدرت کے مقررہ ہوئے مقام پر آسانی اور خوش اسلوبی سے پہنچ سکے۔

بقیہ بقیہ جات 49

کارروائی میں ملزم تابش بھٹی سے ساڑھے 24 لاکھ روپے برآمد ہوئے۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزم حارث اور ملزم کامران شاہ نامی ڈیلیوری بوائے کو بھی موبائل فونز، چیٹس میسجز کے وائس نوٹس کے ساتھ حوالات ہنڈی کے مجرمانہ مواد سمیت گرفتار کیا گیا اور موبائل فونز اور لیجرز ضبط کر لیے گئے۔ ابتدائی پوچھ گچھ میں تمام ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ حوالہ ہنڈی نیٹ ورک چلا رہے تھے، پانچوں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، مزید پیش رفت کی جارہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ انسداد دہشت گردی ترمیمی بل کی منظوری سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے باغیانہ جذبات جنم لے سکتے ہیں، محض شک اور ڈس انفارمیشن کی بنیاد پر شہریوں کو تین ماہ اور اس سے زائد عرصہ حبس بے میں رکھنا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ بل سے شک اور بدگمانی کے باعث زیر حراست لئے جانے والے افراد کے لواحقین کو بے خبر رکھ کر لاپتا کر دینے کا غیر انسانی طریق کار کو مستقل طور پر قانونی حیثیت دی گئی ہے جس کی جمعیت مذمت کرتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

سے مارنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ خوراک کی فراہمی کے امکانات کو ہر طرف سے محاصرہ سخت کر کے ختم کر دینا نہایت قابل مذمت ہے۔ عالمی برادری فلسطین میں جاری ظلم وبربریت رکوانے کیلئے اپنا کلیدی کردار ادا کرے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ضروری ہے، پاکستان کی عوام اور ملک کی تاجر برادری سود کی شرح کو سنگل ڈیجیٹ پر دیکھنا چاہتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شرح سود کم ہونے سے امپورٹ بل میں اضافہ اور کرنسی پر پڑنے والے اس کے منفی اثر کے معاشی ماہرین کے خدشے کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت امپورٹ کو محدود رکھنے کیلئے اقدامات کرے تاکہ روپے کی قدر پر اس کا اثر نہ پڑے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے پریس کلب کی کمیٹی اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائے گی، صحافی برادری کی خدمات ہمیشہ سے قابل تحسین رہی ہیں۔ پنجاب حکومت صحافیوں کے مسائل حل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کررہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

امجد نے کہا کہ ڈالر کے ریٹ میں اضافے، سیاسی عدم استحکام، بجلی اور گیس کی بڑھتی قیمتوں، ابتر ملکی معاشی صورت حال اور ریفنڈز کی عدم ادائیگی جیسے عناصر نے مل کر ٹیکسٹائل ایکسپورٹ کو شدید متاثر کیا ہے اگر حکومت ٹیکسٹائل انڈسٹری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کردے تو پاکستانی برآمدات کو باآسانی دو ارب ڈالر تک پہنچ سکتی ہیں۔ پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے نومنتخب چیئرمین محمد پرویز مہدی کا کہنا تھا کہ حکومتی پالیسیوں کے باعث ٹیکسٹائل سیکٹر بحران کا شکار ہے، ایس آر او 350 کے نفاذ سے ٹیکسٹائل فیکٹریاں بند ہو رہی ہیں جس کی وجہ سے ملک میں بے روزگاری کی شرح بھی بڑھ رہی ہے، ٹیکسٹائل سیکٹر کے برآمدی مینوفیکچرنگ کیلئے زیرو ریٹنگ بحالی کی جائے، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے اور بینکوں کے مارک اپ میں کمی نہ ہونے کی وجہ سے ٹیکسٹائل انڈسٹری کی بقا خطرے میں ہے، عالمی سطح پر پاکستان کی ٹیکسٹائل مصنوعات دیگر حریف ممالک سے مسابقت میں بہت پیچھے رہ گئی ہیں اور زیادہ تر فیکٹریوں کو ایکسپورٹ آرڈرز ملنا بند ہو چکے ہیں ان حالات میں جو ٹیکسٹائل ملز جزوی طور پر چل رہی ہیں وہ بھی پہلے سے بک کئے گئے آرڈرز کی تیاری تک محدود ہیں اور اگر انہیں مزید ایکسپورٹ آرڈرز نہ ملے تو آنے والے دنوں میں یہ ٹیکسٹائل ملز بھی بند ہونے کا اندیشہ ہے۔ پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل محمد عتیق کا کہنا تھا کہ عالمی سطح پر پاکستان کیلئے برآمدات بڑھانے کے وسیع مواقع موجود ہیں کیونکہ بہت سے امریکی اور یورپی برانڈز چین چھوڑ کر جارہے ہیں جبکہ بنگلہ دیش کے سیاسی حالات کی وجہ سے بھی پاکستان کو برآمدی آرڈرز ملنے کے مواقع موجود ہیں لیکن انرجی ٹیرف، مارک اپ ریٹ اور ٹیکسز کی شرح میں اضافے نے انڈسٹری کیلئے برآمدات بڑھانے کے راستے بند کر رکھے ہیں، اسی لیے حکومت کو چاہیے کہ فوری طور پر انرجی ٹیرف اور مارک اپ ریٹ کم کرے، حکومت کو سمجھنے کی ضرورت ہے کہ اس وقت عالمی مارکیٹ میں مواقع موجود ہیں، پاکستان میں خام مال، پیداواری صلاحیت اور انفراسٹرکچر بھی موجود ہے لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ کاروبار کرنے کے ماحول کو بہتر بنایا جائے تاکہ ملک میں معاشی استحکام کیساتھ ساتھ روزگار کی فراہمی میں اضافہ ہوسکے، حکومت ظالمانہ ٹیکس پالیسیوں کو ختم کرتے ہوئے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بحران سے نکالنے میں اپنا کردار ادا کرے۔

بقیہ بقیہ جات 55

ایک کلو 625 گرام آئس اور 400 نشہ آور گولیاں برآمد کی گئیں۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا ہے۔ انڈس چوک کراچی کے قریب گاڑی سے 280 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ بلوچستان کے دو مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 57 کلوگرام ہیروئن اور 39 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ لکپاس ٹال پلازہ مستونگ کے قریب ملزم سے ایک کلو 500 گرام ہیروئن اور 2 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ جی ٹی روڈ اٹک کے قریب ملزم سے 600 گرام چرس برآمد کی گئی۔ حب ریور روڈ سے 500 گرام آئس برآمد کی گئی۔ ترجمان نے بتایا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے انکوائری کا حکم دیا ہے۔ دوسری جانب لواحقین نے پولیس کے خلاف احتجاج کیا ہے اور ٹوبہ شورکوٹ روڈ کو بلاک کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 57

انتہائی ضروری ہیں۔ مسلم لیگ ن نے ہر دور میں پاکستان کو ترقی و خوشحالی دی ہے۔ مسلم لیگ ن ملکی ترقی کی علامت ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ عوام کا اعتماد میاں محمد شہباز شریف، محترمہ مریم نواز کے ساتھ ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ ڈپٹی وزیراعظم پاکستان اسحاق ڈار، وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن بیرسٹر امجد ملک کی قیادت میں اوورسیز پاکستانی مسلم لیگ ن کے ساتھ دل وجان سے کھڑے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

ریگولر تقرری تک دیا ہے۔ عنبرین جان اس وقت وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہی ہیں۔ چارج سنبھالنے کے بعد وفاقی سیکرٹری اطلاعات و ایم ڈی پی ٹی وی عنبرین جان نے پی ٹی وی میں خلاف ضابطہ بھرتیوں کی تحقیقات شروع کرنے کے احکامات جاری کر دیئے۔ ایم ڈی پی ٹی وی عنبرین نے 12 ریٹائرڈ ملازمین کی دوبارہ ملازمت ختم ہونے کے بعد دیگر ملازمین کی ڈگریوں کی تصدیق کا عمل بھی شروع کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

میں موجود اچار پر فنگس، کیڑے مکوڑوں اور مکھیوں کی بھرمار پائی گئی۔ عاصم جاوید کے مطابق اچار یونٹ پر کارروائی روکنے کے لیے خواتین نے شدید مزاحمت، پولیس کی موجودگی میں اچار تلف کیا گیا۔ بغیر لائسنس، پروڈکٹ رجسٹریشن انتہائی خستہ ٹوٹی پھوٹی عمارت میں اچار تیار کیا جارہا تھا، اچار کی تیاری کے لیے ملاوٹی مصالحوں اور ناقص نمک کا استعمال کیا جارہا تھا۔ عاصم جاوید کے مطابق فنگس اور کیمیکل زدہ گلی سڑی سبزیوں کو دلکش پیکنگ لگا کر اچار کے نام پر مہنگے داموں فروخت کیا جاتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ خوراک کے نام پر دھوکہ دہی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جارہی ہیں، قوانین کی پاسداری، ہم سب کی ذمہ داری اور سماج دوست عمل ہے، عوام سے گزارش ہے کہ گردونواح میں ناقص اشیا خوردونوش تیار کرنے والے عناصر کے خاتمے کے لیے 1223 پر اطلاع دیں۔

بقیہ بقیہ جات 60

وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ یہ کہا جا رہا ہے کہ اجلاس میں احد چیمہ بھی تھے، احد چیمہ کو ایک سیاسی کیس میں پکڑا گیا، ہائیکورٹ بھی کہہ چکی ہے کہ صاف پانی کمپنی کا کیس نہیں بنتا تھا، وہ جیل میں رہے اور باعزت بری ہوئے۔ خدیجہ شاہ کا کیس بالکل مختلف ہے، اس کیس کا ابھی ٹرائل بھی مکمل نہیں ہوا وہ وہ بری نہیں ہوئیں۔ انہیں اس طرح سے میٹنگ میں بٹھالینا پر کیا کہا جاسکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جوڈیشل کمیشن میں آئینی بینچ کا فیصلہ 7 اور 5 کے تناسب سے ہوا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس منصور، جسٹس منیب اختر، عمر ایوب اور شبلی فراز نے امین الدین خان کی سربراہی میں بینچ بنانے کی مخالفت کی جبکہ باقی ممبران نے حمایت میں ووٹ دیا۔ ذرائع کے مطابق آئینی بینچ کیلئے پنجاب سے جسٹس امین الدین، جسٹس عائشہ مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی، بلو جبکہ خیبر پختونخوا سے جسٹس مسرت ہلالی کو آئینی بینچ میں شامل کیا گیا ہے۔

پاکستان کی فوڈ انڈسٹری کیساتھ تقریباً سوا کروڑ لوگ منسلک ہیں، محمد فاروق چوہدری

روباری طبقہ اور عام شہری گیس کی قیمتوں کی وجہ سے گزشتہ ایک سال سے شدید متاثر ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر ریسٹورنٹس کیٹرز سویٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن محمد فاروق چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی فوڈ انڈسٹری کیساتھ تقریباً سوا کروڑ لوگ منسلک ہیں، کاروباری طبقہ اور عام شہری گیس کی قیمتوں کی وجہ سے گزشتہ ایک سال سے شدید متاثر ہیں، گزشتہ سال بھی کمرشل صارفین کی گیس کی قیمتوں میں 110 فیصد اضافہ کیا گیا تھا، اس کے باوجود محکمہ سوئی گیس کی جانب سے بتایا جارہا ہے کہ ان کی تنخواہوں، یو ایف جی اور آر ایل این جی پر منتقل کرنے کیلیے گیس کی قیمتوں میں مزید اضافہ درکار ہے، ہم اس مجوزہ اضافے کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں۔ صدر ریسٹورنٹس کیٹرز سویٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن محمد فاروق چوہدری سماعت سے واپسی پر صحافیوں کو بتایا کہ انھوں نے چیئرمین ایسوسی ایشن ممتاز احمد کے ہمراہ اوگرا کی جانب سے سوئی گیس ٹیرف کے حوالے سے سوئی گیس ہیڈ آفس لاہور میں ہونے وی سماعت میں شرکت کی، سماعت چیئرمین اوگرا مسرور خان نے ممبر آئل زین العابدین اور ممبر فنانس نعیم غوری کے ہمراہ کی، فوڈ سیکٹر کی نمائندگی کرتے ہوئے صدر ریسٹورنٹس کیٹرز سویٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن محمد فاروق چوہدری اور چیئرمین ممتاز احمد نے اپنے دلائل میں کہا کہ پاکستان کی فوڈ انڈسٹری کیساتھ تقریباً سوا کروڑ لوگ منسلک ہیں اسی طرح عام لوگ بھی شامل ہیں جو کہ محکمہ سوئی گیس کے صارفین ہیں، یہ تمام تر لوگ گیس کی قیمتوں کی وجہ سے گزشتہ ایک سال سے شدید متاثر ہیں، گزشتہ سال بھی کمرشل صارفین کی گیس کی قیمتوں میں 110 فیصد اضافہ کیا گیا تھا، اس کے باوجود محکمہ سوئی گیس کی جانب سے بتایا جارہا ہے کہ ان کی تنخواہوں، یو ایف جی اور آر ایل این جی پر منتقل کرنے کیلیے گیس کی قیمتوں میں مزید اضافہ درکار ہے، ہم اس مجوزہ اضافے کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں، سوال تو یہ بھی ہے کہ گزشتہ سال 110 فیصد اضافے کے باوجود چیزیں کیوں نہیں بہتر ہوسکیں، محکمہ سوئی گیس کے چند سو ملازمین کی خاطر عام پاکستانی جو کہ اس وقت دو وقت کی روٹی کو ترس رہا ہے ان پر اس قدر کیوں بوجھ ڈالا جارہا ہے، صدر ایسوسی ایشن محمد فاروق چوہدری کا کہنا تھا کہ گزشتہ ساعتوں پر بھی ہم نے کچھ چیزیں اور حقائق آپ کے سامنے رکھے تھے مگر بدقسمتی سے ان پر محکمے کی جانب سے کوئی کام نہیں کیا جاسکا، جس کی وجہ سے فوڈ سیکٹر سے منسلک کمرشل صارفین کے ہزاروں کی تعداد میں کنکشن کٹ چکے ہیں، اسی طرح یو ایف جی کے حوالے سے بھی محکمے کی جانب سے کوئی چیکنگ نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے نہ صرف گیس کی چوری ہورہی ہے بلکہ لیکج کے باعث بڑی مقدار میں گیس ضائع بھی ہورہی ہے جس کا سارا بوجھ عام کنزیومرز پہ ڈالا جارہا ہے، اگر محکمے کی جانب سے اسی طرح غفلت برتی جاتی رہی تو خدانخواستہ پی آئی اے کی طرح محکمہ سوئی گیس کی نجکاری کی طرح بھی معاملات جاسکتے ہیں جو کہ افسوسناک عمل ہوگا، ان کا مزید کہنا تھا کہ اسی طرح محکمے کی جانب سے فالٹ والیم کے نام پر اور ایڈیشنل سیکورٹی کی مد میں لاکھوں روپے کے بلز بھیجے جارہے ہیں جو کہ سراسر ظلم و ناانصافی کے مترادف ہے، محکمہ سوئی گیس کو اپنے صارفین پر بوجھ ڈالنے کی بجائے ان تمام نقائص کو دور کرنا چاہیے اور ٹیمیں تشکیل دے کر اس پر پراپر کام کرنا چاہیے تاکہ نہ صرف محکمے میں بہتری آسکے بلکہ کمرشل صارفین کو بھی خاطر خواہ ریلیف مل سکے، صدر ایسوسی ایشن محمد فاروق چوہدری کا مزید کہنا تھا کہ جس طرح محکمہ سوئی گیس کی جانب سے تندور کیلیے سپیشل پروٹیکٹڈ ٹیرف متعارف کروایا گیا ہے اور آج تک ان کے ٹیرف میں اضافہ نہیں کیا گیا اسی طرح باقی کمرشل صارفین کو بھی یکساں ریلیف فراہم کیا جائے اور سردیوں میں گیس کی فراہمی کو بلاتعطل یقینی بنایا جائے تاکہ لوگ اپنے کاروبار جاری رکھ سکیں۔

میئر کراچی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وہ کراچی کے لئے ہیرو ہیں، شہنیلہ خانزادہ،

ضروری ہے کہ انہیں 128 ارب روپے کے ترقیاتی کاموں کا نگراں بنایا جائے

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینئر رہنما اور سرپرست اعلی AIM شہنیلہ خانزادہ نے کہا ہے کہ میئر کراچی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ وہ کراچی کے لئے ہیرو ہیں لیکن ضروری ہے کہ انہیں 128 ارب روپے کے ترقیاتی کاموں کا نگراں بنایا جائے۔ صدر آصف زرداری، بلاول بھٹو کراچی کو اسکی بہترین شکل میں لانے کے لئے کوشاں ہیں۔ مرتضی وہاب کی کارکردگی مثالی ہے مخالفین دیکھتے رہ جائیں گے۔ میئر کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں کیس مسترد ہونا حق کی فتح ہے۔ مخالفین کے ایم سی کو ریونیو سے محروم کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن ذہین اور انتظامی امور پر گرفت رکھنے والا میئر کراچی انکی تمام کراچی کی ترقی کو روکنے کی کوشش ناکام بنائیں گے۔ کراچی کا انفرا اسٹرکچر جس طرح ملا میئر کو وقت لگے گا لیکن کراچی کی شکل بدل جائے گی پیپلز پارٹی ہی برک تھرو کرے گی۔ پیپلز یوتھ کے رہنما اور پی پی پی کے سینئر رہنما زبیر قریشی نے کہا ہے کہ بہترین کارکردگی ہی پیپلز پارٹی کا شیوہ ہے۔ میئر کو اجڑا کراچی ملا۔ ہمارے یو سی اور ٹاؤن چیئرمین بھی تاریخی کام کریں گے۔ سعید غنی نے یو سی اور بلدیاتی نظام کو تقویت دی۔ کراچی کی ترقی میں ہر اول دستہ جیالے ہوں گے۔ صفورا ٹاؤن میں دن رات کام ہورہا ہے وسائل ہوں نہ ہوں چیئرمین راشد خاصخیلی ہمہ وقت متحرک ہیں۔

ممبر ایڈمنسٹریشن سی ڈی اے طلعت محمود گوندل کے بھائی کی وفات پر سی ڈی اے مزدور یونین کا اظہار تعزیت

سی ڈی اے مزدور یونین کا تعزیتی اجلاس مرکزی آفس میں منعقد ہوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ممبر ایڈمنسٹریشن سی ڈی اے طلعت محمود گوندل کے بھائی رضائے الہٰی سے وفات پا گئے جن کی نماز جنازہ گزشتہ روز ان کے آبائی گاؤں کٹھیالہ خورد منڈی بہاوالدین میں ادا کر دی گئی، اسی سلسلے میں سی ڈی اے مزدور یونین کا تعزیتی اجلاس مرکزی آفس میں منعقد ہوا جس میں مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، صدر اورنگزیب خان، راجہ شاکر زمان کیانی، صوفی محمود علی، حاجی راجہ صابر، سردار محمد آصف، محمد عاصم ملک، اسد محمود، محمد سرفراز ملک، چوہدری طارق گجر، خالد محمود، چوہدری شہزاد اختر، ملک رشید، چوہدری واجد گجر، چوہدری ابرار، شفیع اللہ خان، صفدر عباسی، سلیم بھٹی، اسرار بٹ، چوہدری منیر، چوہدری انور، زاہد حسین بھٹی، امیر شاہ کاظمی، راجہ غلام مرتضٰی، طارق آفریدی، عارف خان، ملک محمد عمران، ملک محمد اسلم، قاری محمد شیر سیالوی، راجہ ظہیر و دیگر عہدیداران نے شرکت کی، اس موقع پر چوہدری محمد یٰسین و دیگر عہدیداران نے مرحوم کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین غم زدہ خاندان کے دکھ میں برابر کی شریک ہے، تعزیتی اجلاس میں اجتماعی دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور تمام سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

حاصل پور، سٹی ٹریفک پولیس حاصلپور کی جانب سے رکشہ ڈرائیوران کو بریفنگ دی گئی

رکشہ ڈرائیورز کو فوری اپنا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کیلئے جاری خصوصی مہم بارے بریفنگ دی

حاصل پور (بیورو چیف سعید احمد بلوچ) سٹی ٹریفک پولیس حاصلپور کی جانب سے رکشہ ڈرائیوران کو بریفنگ دی گئی۔ رکشہ ڈرائیورز کو فوری اپنا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کیلئے جاوی خصوصی مہم بارے بریفنگ دی اور اتوار کے دن ٹیسٹ کیلئے پہنچنے کی ترغیب دی۔ اس موقع پر رکشہ جات کی بیک سائڈ پر فوگ/سموگ سے بچاؤ کیلئے ریفلیکٹر اسٹیکرز بھی لگائے گئے۔ رشید احمد کی جانب سے لیکچر دیتے ہوئے فوگ/سموگ کے نقصانات اور ان سے بچنے کی اہمیت واضح کی گئی۔ رکشہ ڈرائیوران کو ہدایات جاری کیں کہ اپنے رکشہ جات کی بروقت ٹیوننگ کروائیں اور بیک لائٹس درست حالت میں ہونی چاہیے۔ خلاف ورزی کی صورت میں کریک ڈاؤن بھی جاری ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مختلف پمفلٹس اور بروشرز تقسیم کیے۔ آئیں ہم سب مل کر اپنے حصے کی شمع جلائیں اور اپنے ماحول کو فوگ/سموگ سے پاک کرنے کے لیے قدم بڑھائیں۔ اپنی گاڑیوں کی فٹنس کا خیال رکھیں اور انکی لائٹس ہمیشہ درست حالت میں رکھیں۔

کراچی آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا مقامی کونسل افسران کو سندھ بھر میں بالعموم اور کراچی میں بالخصوص تعیناتی سے محروم کرنے کی مذمت

سینئر ڈائریکٹر کچی آبادی SCUG افسر کو لگا دیا گیا

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹ) کراچی آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا مقامی کونسل افسران کو سندھ بھر میں بالعموم اور کراچی میں بالخصوص تعیناتی سے محروم کرنے کی مذمت۔ سینئر ڈائریکٹر کچی آبادی SCUG افسر کو لگا دیا گیا۔ چیف سیکریٹری کا حکم بھی کے ایم سی ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتی ہے۔ کراچی نوجوان تحریک کی حمایت کا بھی اعلان۔ سپریم کونسل نے توثیق کردی۔ کراچی آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا وفد چیئرمین فیضان حسین سے ملاقات کرکے حالات سے آگاہی دے گا۔ کووا کراچی Schedule Establishment کی قانون کے مطابق کونسل سے منظوری SCUG کے ملازمین کی کوٹہ کے مطابق تعیناتی کا مطالبہ کیا ہے۔ منتخب نمائندے سیاست کررہے ہیں۔ فیضان حسین اور انکی ٹیم نے ہماری دو آوازسنی ہے انکی تحریک کا مقصد ہمارے نکتہ سے ملتا ہے اس لئے ہم انکے شانہ بشانہ ایک ونگ بن کر چلنے کو تیار ہیں ہمارے ساتھیوں کی شکایات کا ازالہ کرنے کے لئے وہی ہماری آواز بنیں گے۔

عشرت العباد کے بھائی اسرار العباد کے انتقال پر فیضان حسین اور پارٹی رہنماؤں کی تعزیت

مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے دعا کی گئی

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کراچی نوجوان پارٹی کے چیئرمین فیضان حسین اور کے این پی رہنماؤں نے سابق گورنر سندھ عشرت العباد کے بڑے بھائی اسرار العباد کے انتقال پر سابق گورنر سندھ عشرت العباد سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ اور انکے ساتھی انکے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ اسرار العباد کے درجات بلند فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے۔ مرحوم کے پسماندگان کو صبر جمیل اور اس پر اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

خانقاہ ڈوگراں، عوامی گزرگاہوں پر ناجائز تجاوزات قائم

شہر بھر میں تجاوزات کی بھرمار انتظامیہ سے قبضہ مافیا کے خلاف سخت ایکشن لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے

خانقاہ ڈوگراں (نامہ نگار) معروف بازاروں میں قائم ناجائز تجاوزات نے شہریوں کا چلنا دوبھر کردیا۔ مین بازار، لاری اڈا، اور دیگر عوامی گزرگاہوں پہ موجود قبضہ مافیا نے ذاتی مفادات کی ہوس میں اندھے ہوکر پیدل چلنے والوں اور موٹرسائیکل سواروں کا گزرنا اجیرن بنادیا۔ باشعور عوامی سماجی حلقوں نے شہر میں قائم ناجائز تجاوزات کے خلاف سخت ایکشن کا مطالبہ کیا ہے

جہانیاں، محکمہ انہار خانیوال کی ملی بھگت سے سرکاری کھال پر غیر قانونی نکوں کے ذریعے پانی چوری،

جہانیاں (این این آئی) محکمہ انہار خانیوال کی ملی بھگت سے سرکاری کھال پر غیر قانونی نکوں کے ذریعے پانی چوری، 6 ماہ گزرنے کے باوجود افسران پانی چوروں کے خلاف کاروائی سے گریزاں، ٹیل کے کاشتکار رل گئے رقبے بنجر ہونے لگے، سرکاری کھال کے اطراف سرکاری رقبہ پر قبضہ، کروڑوں روپے مالیت کے سرکاری درخت بھی کاٹ لئے ضلع دار کا کاروائی سے گریز، ایکسین اریگیشن، ڈپٹی کلکٹر اریگیشن خانیوال کو درخواست کے باوجود کوئی شنوائی نہ ہوئی ٹیل کے کاشتکاروں کا ایکسین اریگیشن خانیوال سے کاروائی کا مطالبہ تفصیل کے مطابق نواحی گاو?ں چک نمبر 136 دس ا?ر کے موگہ نمبر 6R/11890 کے ٹیل کے کاشتکار پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں اس سرکاری کھال پر باثر زمینداروں نے محکمہ انہار کے عملہ کی ملی بھگت سے جگہ جگہ پر غیر قانونی نکوں کے ذریعے پانی چوری کا سلسلہ شروع کررکھا ہے جس کی وجہ سے کھال کی ٹیل پر کاشتکاروں کو پانی کی فراہمی معطل ہوکر رہ گئی ہے اور رقبے بنجر ہورہے ہیں۔ متاثرہ کاشتکار چوہدری ارشد جاوید نے پانی کے ان غیر قانونی نکوں کی بابت ساڑھے پانچ ماہ قبل ڈپٹی کلکٹر خانیوال کو درخواست گزاری جس کو ڈپٹی کلکٹر خانیوال نے ضلع دار کو مارک کردیا محکمہ انہار کے عملہ نے سروے کرکے موقع پر موجود ناجائز نکہ جات اور سرکاری کھال کے اطراف سرکاری رقبہ پر قبضہ کا معائنہ کیا اور ناجائز نکے کرنے والے کاشتکاروں کی لسٹ تیار کی لیکن ڈپٹی کلکٹر خانیوال اور ضلع دار جہانیاں ساڑھے پانچ ماہ گزرنے کے باوجود بھی پانی چوروں کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کی، دوسری طرف مبینہ طور پر ضلع دار اور ایکسین ا?فس خانیوال انہار کے عملہ کی ا?شیرباد سے سرکاری کھال کے رقبہ پر بھی بااثر افراد نے قبضہ کرکے اپنے رقبہ میں شامل کرلیا ہے اور کھال پر لگے ہوئے کروڑوں روپے مالیت کے سرکاری درخت بھی بیچ کھائے ہیں جب کہ محکمہ انہار کے اہلکاروں کو بار بار اطلاع اور درخواستیں جمع کروانے کے باوجود بھی ا?ج تک کوئی کاروائی نہیں ہوئی۔ موگہ نمبر 6R/11890 کے کاشتکاروں عزیر اسلم، اختر حسین، محمد اسلم، محمد رفیق، عابد علی نے احتجاج کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب، سیکرٹری اریگیشن، چیف انجینئر اریگیشن سے نوٹس لیکر ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

نارووال، ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی دھم تھل تحصیل ظفروال میں محکمہ زراعت کی جانب سے منعقدہ کسان بیٹھک میں شرکت

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی دھم تھل تحصیل ظفروال میں محکمہ زراعت کی جانب سے منعقدہ کسان بیٹھک میں شرکت۔ ڈپٹی کمشنر نے بیٹھک کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک آفت ہے اس سے بچاؤ کیلئے ہم سب کو مل کر اپنے حصے کا کام کرنا ہوگا چاول کی باقیات کو آگ لگانے کی بجائے ماڈرن طریقوں کے استعمال سے تلف کریں۔ سموگ کے تدارک کی بابت کسانوں کو فصل کی باقیات کو ا?گ لگانے کی بجائے ہل چلا کر زمین میں ملایا جائے فصل کی باقیات کو زمین میں ملانے سے زمین کی زرخیزی میں اضافہ ہوتا ہے کسانوں کو چاہیے کہ وہ گندم سمیت تمام فصلوں کی کاشت میں ماڈرن ٹیکنالوجی کا استعمال کریں۔

سابق وفاقی وزیر دانیال عزیز کی چھمال دعوت ولیمہ میں شرکت

شکر گڑھ (این این آئی) شکرگڑھ سابق وفاقی وزیر دانیال عزیز چوہدری کی چھمال دعوت ولیمہ میں شرکت چیئرمین عبدالقیوم چوہدری نے ساتھیوں سمیت سابق وفاقی وزیر کا پرتپاک استقبال کیا ٹھیکیدار محمد اقبال کے بیٹے کی شادی کی تقریب اور دعوت ولیمہ میں دانیال عزیز چوہدری سمیت علاقہ بھر کی سیاسی سماجی تاجر وکلاء صحافی برادری نے شرکت کی سابق وفاقی وزیر دانیال عزیز چوہدری چیئرمین عبدالقیوم اشفاق احمد چھمالوی نے دیگر ساتھیوں ولیمہ میں شرکت کی اور چوہدری دانیال عزیز سے ملاقات کی تقریب کے پرمسرت موقع پر لوگوں نے دانیال عزیز سابق وفاقی وزیر کو اپنے درمیان پاکر بہت خوشی محسوس کی اور انکے ساتھ سیلفیاں بناتے رہے

فیصل آباد: تھانہ ڈی ٹائپ کالونی میں 6افراد نے شہری کے سر کے بال مونڈ کر تشدد کر ڈالا

فیصل آباد (این این آئی) علاقہ تھانہ ڈی ٹائپ کالونی میں 06 افراد کا شہری کے سر کیبال مونڈھ کر تشدد کرنے کا معاملہ واقعہ ملک رینٹ اے کار فوجی چوک علاقہ تھانہ ڈی ٹائپ کالونی میں پیش آیا سٹی پولیس آفیسر ڈی آئی جی کامران عادل نے ایس پی اقبال ڈویژن سے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی سٹی پولیس آفیسر کا ایس پی اقبال ڈویژن کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم ایس پی اقبال ڈویژن کی سربراہی میں تھانہ ڈی ٹائپ کالونی پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث 2 کس ملزمان حسن اور ارسلان منیر کو گرفتار کرلیا

بھارت سے آلودہ ہوا کا دباؤ لاہور کی جانب موجود

مشرقی ہوائیں 4 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے لاہور کی طرف چل رہی ہیں، سیکرٹری تحفظ ماحول

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری تحفظ ماحول راجہ جہانگیر کا کہنا ہے ک بھارت سے آلودہ ہوا کا دباؤ لاہور کی جانب موجود ہے۔ راجہ جہانگیر نے کہا ہے کہ لاہور میں ایئر کوالٹی انڈیکس میں اضافے کا رجحان جاری ہے، مشرقی ہوائیں 4 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے لاہور کی طرف چل رہی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ دونوں جانب کے کسانوں سے اپیل ہے کہ فصلوں کی باقیات نہ جلائیں۔ سیکریٹری تحفظ ماحول نے ہدایت کی ہے کہ شہری ماسک کا استعمال اور احتیاطی تدابیر اپنائے رکھیں۔ راجہ جہانگیر انور نے کہا ہے کہ شہری گھروں کے دروازے اور کھڑکیاں بند رکھیں۔ واضح رہے کہ دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں صبح سویرے لاہور پھر سرِ فہرست آ گیا تھا۔ محکمہ ماحولیات نے لاہور کو درپیش نئے مسئلے پر نیا ریڈ الرٹ جاری کردیا ہے۔

13 سالہ گھریلو ملازمہ پر تشدد کا معاملہ، 2 ملزمان گرفتار

خواتین و بچوں پر تشدد کرنے والے عناصر سے نرمی نہیں برتی جائے گی، حنا پرویز بٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) گھریلو ملازمہ پر تشدد کے معاملے میں نامزد ملزم وقار اور اسد کو گرفتار کرلیا گیا۔ ڈیفنس سی کے علاقے فیز 6 میں ٹھیک کام نہ کرنے پر میاں بیوی نے 13 سالہ گھریلو ملازمہ پر تشدد کیا تھا جس پر پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کی چیئرپرسن حنا پرویز بٹ نے فوری ایکشن لیا جس پر دو ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی رہنما حنا پرویز بٹ نے متاثرہ بچی سے ملاقات کی اور اہل خانہ کو انصاف کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر حنا پرویز بٹ نے کہا کہ متاثرہ لڑکی کی خالہ کی مدعیت میں گھر کے مالک وقار، بیوی اقرا اور اسد کے خلاف مقدمہ درج ہو چکا ہے جب (باقی صفحہ 41)

تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ، فرخ جاوید مون اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کو 6 سال سے بند سیوریج اور مرکزی سڑک کھولنے کا حکم

ہر ہفتے صفائی یقینی بنائیں، نئی سیوریج پائپ لائن بچھا کر رپورٹ پیش کریں، محتسب پنجاب

لاہور (کرائم رپورٹر) محتسب پنجاب نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل شیخوپورہ کو سیوریج کی وجہ سے گذشتہ 6 سال سے بند مرکزی سڑک بحال کرنے، نئی سیوریج پائپ لائن بچھانے اور علاقے کی ہفتہ وار صفائی کے بعد رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ محتسب پنجاب نے یہ حکم اپنے سابقہ احکامات کی خلاف ورزی سامنے آنے پر جاری کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق امامیہ کالونی سے متصل محمود کالونی تحصیل فیروزوالا کا مرکزی رضویہ روڈ گذشتہ 6 سال سے سیوریج پائپ لائن بند ہونے کی وجہ سے نالے کا منظر پیش کررہا ہے جبکہ سیوریج کی صفائی کیلئے درجنوں مرتبہ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور چیف افسر ضلع کونسل شیخوپورہ کو درخواستیں دی جاچکی ہیں۔ مذکورہ علاقہ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین (باقی صفحہ 37)

آئینی بینچ سے متعلق قرارداد پیش نہ کرنے پر سندھ ہائیکورٹ کا اظہار برہمی

نئی ترمیم کے بعد آئینی بینچز تشکیل دینا جوڈیشل کمیشن کی ذمہ داری ہوگی، چیف جسٹس کے ریمارکس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے آئینی بینچ سے متعلق قرارداد پیش نہ کرنے پر برہمی کا اظہار کیا۔ آئینی بینچ کے قیام سے متعلق سندھ اسمبلی کی منظور شدہ قرارداد پیش نہ کرنے پر چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس محمد شفیع صدیقی سرکاری وکیل پر برہم ہوگئے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ آج صبح عدالتی کارروائیاں شروع ہونے سے پہلے ساڑھے 8 بجے تک قرارداد پہنچ جانی چاہیئ (باقی صفحہ 38)

آئی ایم ایف مطالبے پر انشورنس سیکٹر میں بہتری کیلئے 3 اہم مسودہ قانون تیار

مجوزہ مسودہ وفاقی کابینہ سے منظوری کے بعد پارلیمنٹ میں پیش کئے جائیں گے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کی جانب سے پاکستان کے انشورنس سیکٹر میں بہتری کے مطالبے پر ایس ای سی پی نے انشورنس سے متعلق تین اہم مسودہ قانون تیار کرلئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ ایس ای سی پی نے انشورنس سے متعلق تین اہم مسودہ قانون تیار کرلیے ہیں۔ مجوزہ مسودہ وفاقی کابینہ سے منظوری کے بعد پارلیمنٹ میں پیش کئے جائیں گے۔ ذرائع (باقی صفحہ 39)

پاکستان، چین کی انڈس شیلڈ فضائی جنگی مشق 2024ء اختتام پذیر

مشق میں پاک فضائیہ اور چین کی پیپلز لبریشن آرمی ایئرفورس کی شرکت، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاکستان اور چین کی انڈس شیلڈ فضائی جنگی مشق 2024 اختتام پذیر ہوگئی، پاکستانی ایئربیس پر ہونے والی مشق میں پاک فضائیہ اور چین کی پیپلز لبریشن آرمی ایئرفورس نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فضائی مشق میں چینی ایئرفورس ہائی ٹیک آلات کے ساتھ شریک ہوئی۔ جے سولہ اور جے دس سی لڑاکا طیاروں نے مشق میں حصہ لیا۔ مشق میں زمین سے فضا تک (باقی صفحہ 40)

فرخ ایچ سبزواری پاکستان سٹاک ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو مقرر

اسٹاک ایکسچینج کے بورڈ نے فرخ سبزواری کو 3 سال کیلئے مقرر کیا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین اور کمشنر ایس ای سی پی اسٹاک ایکس چینج فرخ ایچ سبزواری پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو مقرر کردیئے گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسٹاک ایکسچینج کے بورڈ نے فرخ سبزواری کو 3 سال کیلئے مقرر کیا، ایس ای سی پی نے بھی نئے سی ای او، پی ایس ایکس کی منظوری دے دی۔ فرخ سبزواری اس قبل ایس ای سی پی کے چیئرمین رہ چکے ہیں۔ فرخ سبزواری معروف مالیاتی اداروں میں اہم پوزیشن کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں، فرخ سبزواری ان دنوں سینٹرل ڈیپازیٹری کمپنی میں بطور چیئرمین تعینات ہیں۔ فرخ سبزواری 18 نومبر کو اپنے نئے عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔

شہریوں کو یکساں، سستی و معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، گیلانی

صحت کی سہولیات تک عوام کی رسائی یقینی بنانے کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، قائمقام

معاشرتی وطرز زندگی کے عوامل کو سمجھ کر بہتر پروگرام، پالیسیاں تشکیل دے سکتے ہیں، کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے صحت کی سہولیات تک عوام کی رسائی یقینی بنانے کیلئے مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ بنیادی طبی سہولیات ان لوگوں تک پہنچنا ضروری ہے جنھیں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے، شہریوں کو بنیادی طبی سہولیات کیساتھ صحت مند ماحول کی فراہمی بھی ضروری ہے، تمام شہریوں کو یکساں، سستی و معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہماری ترجیح ہے۔ وہ منگل کو ہیلتھ سروسز اکیڈمی (ڈگری ایوارڈ انسٹی ٹیوٹ) میں دو روزہ 14ویں سالانہ بین الاقوامی عوامی صحت کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔

کوئٹہ، وائس چانسلر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور ایس آئی یو کے وقاص الطاف دستاویزات کا تبادلہ کررہے ہیں

شرح سود میں 2.5 فیصد کمی کا فیصلہ خوش آئند ہے، جے یو آئی لاہور

پاکستان کی عوام اور ملک کی تاجر برادری سود کی شرح کو سنگل ڈیجیٹ پر دیکھنا چاہتی ہے، مشترکہ بیان

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ شرح سود میں 2.5 فیصد کمی کا فیصلہ خوش آئند ہے، ملک کی معیشت کی بہتری کیلئے پالیسی ریٹ کو مزید کم کرکے سنگل ڈیجٹ پر کرنا انتہائی (باقی صفحہ 52)

حکومت ٹیکسٹائل انڈسٹری کو بحران سے نکالے، پرویز مہدی

ٹیکسٹائل سیکٹر کے برآمدی مینوفیکچرنگ کیلئے زیرو ریٹنگ بحالی کی جائے، میڈیا نمائندوں سے گفتگو

لاہور (پ ر) پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے نومنتخب چیئرمین پرویز مہدی، صدر امجد فاروق امجد اور سیکرٹری جنرل محمد عتیق سمیت دیگر عہدیداروں نے مشترکہ طور پر کہا ہے کہ ٹیکسٹائل انڈسٹری میں اسپننگ، نٹنگ، ویونگ اور پروسیسنگ کے شعبوں کا مینوفیکچرنگ میں بڑا حصہ ہے لیکن یہ شعبے مسائل کا شکار ہیں اگر حکومت ٹیکسٹائل سیکٹر کے مسائل حل کردے تو پاکستان کی برآمدات کو باآسانی دو ارب ڈالر تک لے جایا جاسکتا تھا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر امجد فاروق (باقی صفحہ 54)

زیر حراست ملزمان کیساتھ پولیس قوانین کے مطابق ڈیل کیا جائے، سی سی پی او

لاہور (سٹاف رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے غیر قانونی حراست کی ممانعت کے حوالے سے اہم ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ زیر حراست ملزمان کے ساتھ پولیس قوانین کے مطابق ڈیل کیا جائے۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ کوئی بے گناہ گرفتار نہ ہو اور قصوروار ملزمان کی گرفتاری فوری عمل میں لائی جائے۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے کیسوں میں غفلت یا بدنیتی پر تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے

گندم کی بھرپور پیداوار کیلئے زمین کی تیاری بارے سفارشات جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کی بھرپور پیداوار کیلئے زمین کی تیاری بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔ کاشتکار گندم کی کاشت ربیع ڈرل کے ذریعے کریں۔ دھان کے وڈھ میں گندم کی بوائی سپر سیڈر سے کریں۔ کپاس کے وڈھ میں روٹاویٹر چلا کر زمین بھربھری کرلیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کے اُگاؤ کیلئے زمین اچھی وتر حالت میں ہو۔

موٹروے زیادتی کیس، 2 مجرموں کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت ملتوی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے موٹر وے زیادتی کیس میں مجرم عابد ملہی اور شفقت علی بگا کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کردی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس سید شہباز علی رضوی کی سربراہی میں دو رکنی بنچ اپیلوں پر سماعت کی۔ تفتیشی افسر کے جانب سے کیس کی رپورٹ عدالت میں پیش کی۔ ملزم شفقت کی وکیل پیش نہ ہوئے۔ ایسوسی ایٹ وکیل نے استدعا کی کہ سینئر وکیل دوسری عدالت میں مصروف ہیں استدعا ہے کہ وقت دیا جائے

لاہور، وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر علی ہیلی کالج آف بینکنگ اینڈ فنانس میں نئے تیار کردہ باسکٹ بال اور بیڈمنٹن کورٹس کا افتتاح کررہے ہیں

سکھ نہر کے علاقے میں ٹریفک انسپکٹر حادثے میں جاں بحق

مٹی سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی نے اویس خان کو ہٹ کیا، پھر اوپر سے گزر گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) سکھ نہر کے علاقے میں ٹریفک انسپکٹر حادثے میں جاں بحق ہوگیا۔ بتایا گیا ہے کہ ٹریفک انسپکٹر اویس خان گڑھی شاہو ڈیوٹی پر جارہا تھا کہ مٹی سے لوڈ ٹریکٹر ٹرالی ہٹ کرتے ہوئے اوپر سے گزر گئی۔ اویس خان کو شالیمار ہسپتال لے جایا گیا مگر وہ جانبر نہ ہوسکا۔ حادثے (باقی صفحہ 34)

چوہدری شبیر کی نومنتخب صدر لاہور چیمبر ابوذر شاد کو مبارکباد

لاہور چیمبر کے نئے منتخب عہدیداران بزنس کمیونٹی کے حقوق کیلئے دن رات کام

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو بلیک ہارس پینٹ چوہدری شبیر نے نومنتخب صدر لاہور چیمبر آف کامرس میاں ابوذر شاد کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے لاہور چیمبر آف کامرس کی نئی منتخب قیادت سے ہم پرامید ہیں وہ تاجر کمیونٹی کے مسائل حل کرے گی۔ لاہور چیمبر آف کامرس کے (باقی صفحہ 35)



لاہور، وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کی سائٹ پر افسران سے ماسٹر پلان بریفنگ لے رہے ہیں

ڈی پی او منڈی بہاؤالدین سے صدر چیمبر معیز اللہ دیوان کی ملاقات

بزنس کمیونٹی کا تحفظ اور پرامن ماحول میں کاروباری سرگرمیوں کا فروغ اولین ترجیح ہے، وسیم ریاض

لاہور (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر منڈی بہاؤالدین وسیم ریاض خان سے صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری معیز اللہ دیوان کی قیادت میں وفد کی ملاقات۔ چیمبر کے عہدیداران، ایگزیکٹو باڈی اور انجمن تاجران کے عہدیداران نے میٹنگ میں شرکت کی۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ ملکی معاشی و صنعتی ترقی میں بزنس کمیونٹی کا اہم ترین کردار ہے، تاجر برادری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، بزنس کمیونٹی کا تحفظ اور پرامن ماحول میں کاروباری سرگرمیوں کا فروغ اولین ترجیح ہے، تاجر برادری کو سازگار کاروباری ماحول کے لئے بھرپور تحفظ فراہم کیا جائیگا۔ ملاقات میں کاروباری مراکز میں مختلف مسائل کے حل کے لئے تجاویز زیر غور آئیں، کاروباری مراکز میں سکیورٹی انتظامات مزید بہتر بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر منڈی بہاؤالدین چیمبر آف کامرس معیز اللہ دیوان نے ڈی پی او منڈی (باقی صفحہ 36)

صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری معیز اللہ دیوان کی قیادت میں وفد کے ارکان ڈی پی او منڈی بہاؤالدین سے ملاقات کے موقع پر گلدستہ پیش کررہے ہیں

جیلوں میں اصلاحات، وی آئی پی جیل کاٹنے والے کیا بتائیں گے، عظمیٰ بخاری

اجلاس میں 9 مئی کی ملزمہ خدیجہ شاہ کی شرکت پر حیرت ہوئی، رانا ثنا کو بلا لیا جاتا جن کو سزائے موت والے کیس میں جیل میں ڈالا گیا، وزیر اطلاعات

خدیجہ شاہ کا کیس بالکل مختلف، ابھی ٹرائل بھی مکمل نہیں ہوا وہ بری نہیں ہوئیں انہیں اس طرح سے میٹنگ میں بٹھا لینے پر کیا کہا جاسکتا ہے، انٹرویو

لاہور (سیاسی رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جیلوں میں اصلاحات کے حوالے سے اجلاس میں نو مئی کی ملزمہ خدیجہ شاہ کی شرکت پر حیرت ہوئی ہے، جیل اصلاحات کے حوالے سے بلانا تھا تو ان کو بلایا جاتا جو جرمانے کی عدم ادائیگی کی وجہ سے اضافی سزا کاٹتے ہیں، رانا ثنا کو بلا لیا جاتا جن کو سزائے موت والے کیس میں جیل میں ڈالا گیا اور واقعی میں موت کی چکی کے سیل میں رکھا گیا۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 60)

سیکرٹری اطلاعات عنبرین جان کو ایم ڈی پی ٹی وی کا اضافی چارج سونپ دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سیکرٹری اطلاعات ونشریات عنبرین جان کو پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کی مینجنگ ڈائریکٹر کا اضافی چارج سونپ دیا گیا جس کا نوٹیفکیشن وفاقی حکومت نے جاری کردیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت نے سول سرونٹس ایکٹ 1973 کی شق 10 کے تحت وفاقی سیکرٹری اطلاعات عنبرین جان کو پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن کی مینجنگ ڈائریکٹر کے عہدہ کا اضافی چارج تین ماہ کی مدت یا (باقی صفحہ 58)

اے این ایف کی منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں، 7 گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے تعلیمی اداروں اور ملک کے مختلف شہروں میں منشیات فروشی اور منشیات سمگلنگ کے خلاف 10 کارروائیوں میں 7 ملزمان گرفتار کرلئے۔ اے این ایف سے جاری تفصیلات کے مطابق ان کارروائیوں میں 12 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 396.125 کلوگرام منشیات برآمد کی گئیں۔ ایم ون اسلام آباد پر ملزم سے 460 گرام آئس برآمد کی گئی۔ ٹنڈو جام حیدرآباد میں ملزم سے 5 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ منیر احمد روڈ کوئٹہ پر یونیورسٹی کے قریب دو ملزمان سے 8 کلوگرام چرس اور 160 گرام ویڈ برآمد کی گئی۔ کوئٹہ میں ایک اور یونیورسٹی کے قریب ملزم سے (باقی صفحہ 55)

رمیش سنگھ اروڑہ کی پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے سینئر صحافی خواجہ نصیر کو صدر اور عدنان شیخ کو سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی

راجہ پرویز اشرف نے 7 ڈویژنل موبلائزیشن کمیٹیاں تشکیل دیدیں

لاہو (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی سنٹرل پنجاب کے صدر راجہ پرویز (باقی صفحہ 17)

پی ٹی آئی اختلافات کا شکار، علی امین کی عاطف خان کیخلاف گفتگو کی مبینہ آڈیو وائرل

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں اختلافات کھل کر سامنے آگئے (باقی صفحہ 18)

یونیورسٹی آف گجرات کے طلباء وطالبات کے 53 رکنی وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

اسلام آباد (این این آئی) یونیورسٹی آف گجرات کے طلباء وطالبات کے 53 رکنی (باقی صفحہ 19)

فوڈ اتھارٹی کا اچار یونٹ پر چھاپہ، فنگس زدہ مضر صحت اچار تلف، ڈرم ضبط

بادامی باغ کی تنگ گلیوں میں واقع گھر نما گودام میں چھپ کر اچار تیار کیا جارہا تھا، مقدمہ درج

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی سیفٹی ٹیموں نے بادامی باغ میں اچار یونٹ پر چھاپہ مار کر 3000 کلو تیار فنگس زدہ مضر صحت اچار تلف، ڈرم ضبط کر کے مقدمہ درج کرا دیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے مطابق بادامی باغ کی تنگ گلیوں میں واقع گھر نما گودام میں چھپ کر اچار تیار کیا جارہا تھا، گلی سڑی سبزیوں کو ڈرموں میں کیمیکل ڈال کر بغیر ڈھانپے رکھا پایا گیا، ممنوعہ نیلے ڈرموں (باقی صفحہ 59)

اسلام آباد، سابق سینیٹر ڈاکٹر شہباز وسیم جاپانی سفیر کو شیلڈ پیش کررہے ہیں

ملکی خوشحالی، ترقی کیلئے شہباز شریف انتہائی ضروری ہیں، ن لیگ چائنہ

پاکستان میں مضبوط جمہوریت اور خوشحال معیشت مسلم لیگ ن ہی یقینی بنا سکتی ہے، بیان

لاہور (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن چائنہ کے صدر حاجی فدا حسین، جنرل سیکرٹری رانا غلام ربانی خان، سینئر نائب صدر شیخ جاوید شبیر اور سیکرٹری اطلاعات کاشف امین کے کے نے کہا ہے پاکستان میں مضبوط جمہوریت اور خوشحال معیشت مسلم لیگ ن ہی یقینی بنا سکتی ہے۔ پاکستان میں الیکشن کے پرامن انعقاد سے جمہوریت کی جڑیں مضبوط ہونگی۔ پاکستان کی خوشحالی اور ترقی کیلئے میاں شہباز شریف (باقی صفحہ 57)

ٹوبہ ٹیک سنگھ، شادی والے گھر میں پولیس چھاپہ، فائرنگ سے لڑکی جاں بحق

پولیس نے چھاپہ مارا، مزاحمت پر کانسٹیبل نے فائر کیا جس سے لڑکی ہلاک ہوگئی، ترجمان پولیس

ٹوبہ ٹیک سنگھ (نامہ نگار) ٹوبہ ٹیک سنگھ کے علاقے چھٹیانا میں شادی والے گھر میں پولیس کے چھاپے کے دوران فائرنگ سے لڑکی جاں بحق ہوگئی۔ اس واقعے سے متعلق پولیس نے بھی اپنا موقف دیا ہے۔ پولیس کے ترجمان کے مطابق جرائم پیشہ افراد کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس نے چھاپہ مارا تھا جہاں مزاحمت پر پولیس کانسٹیبل نے فائر کیا جس سے لڑکی ہلاک ہو گئی۔ ترجمان کے مطابق ڈی پی او (باقی صفحہ 56)

اسلام آباد، اسسٹنٹ سب انسپکٹر کی بھرتی کیلئے تحریری امتحان میں کامیاب ہونے والے امیدوار انٹرویو کیلئے انٹری کررہے ہیں

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351